# یا زینبؑ

علیؑ کو صبر کے بدلے ملے حسینؑ و حسنؑ
علیؑ کو فقر کے بدلے عطا ہوئی زینبؑ
حوالے کر کے خدائی یہ کہہ رہا ہے خدا
تِری ردا کی نہ قیمت ادا ہوئی زینبؑ

خاکِ پائے ماتم گسارانِ حسینؑ مظلوم

میر احمد نوید

Presented by Ziaraat.Com

# التجائے نوید

اے ربِّ جہاں پنجتنؑ پاک کا صدقہ
اِس قوم کا دامن غمِ شبیرؑ سے بھر دے

بچوں کو عطا کر علی اصغرؑ کا تبسم
بوڑھوں کو حبیب ابن مظاہرؑ کی نظر دے

کم سن کو ملے ولولۂ عونؑ و محمدؑ
ہر ایک جواں کو علی اکبرؑ کا جگر دے

ماؤں کو سکھا ثنائے زہراؑ کا سلیقہ
بہنوں کو سکینہؑ کی دعاؤں کا اثر دے

مولا تجھے زینبؑ کی اسیری کی قسم ہے
بے جرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے

Presented by Ziaraat.Com

جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مولاؑ
محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے

جو دین کے کام آئے وہ اولاد عطا کر
جو مجلسِ شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے

یارب تجھے بیماریٔ عابدؑ کی قسم ہے
بیمار کی راتوں کو شفایاب سحر دے

مفلس پہ زَر و لال و جواہر کی ہو بارش
مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غمِ شبیرؑ
شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو ادھر دے

Presented by Ziaraat.Com

# کربلا ہوگئی تیار

کربلا ہوگئی تیار کوئی ہے تو چلے
مرضیِ رب کا خریدار کوئی ہے تو چلے

پھینک کر اپنی سپر کھول کے سب بندِ زرہ
توڑ کر زانو پہ تلوار کوئی ہے تو چلے

ہے کوئی شہہ کے گلے کی جگہ رکھے جو گلا
ہے رواں خنجرِ خوانخوار کوئی ہے تو چلے

شہہ پہ چلتے ہوئے تیروں کو بدن پر کھانے
روکنے حلق پہ تلوار کوئی ہے تو چلے

ہے وہی بیعت و سر پیچ صدائے انکار
ہے کوئی صاحبِ انکار کوئی ہے تو چلے

Presented by Ziaraat.Com

عَصر کا ڈوبتا سورج یہ صدا دیتا ہے روز
منتظر ہیں شہہ ابرار کوئی ہے تو چلے

فجر ہو، ظہر ہو، یا عصر ہو، مغرب کہ عشاء
استغاثہ ہے لگاتار کوئی ہے تو چلے

روند کر حرص و ہوا جاہ و حشم منصب و مال
پیروِ حرِ جگر دار کوئی ہے تو چلے

جھلملا کر جو ہوا صبح کا تارا خاموش
حرؑ نے مڑ کر کہا اک بار کوئی ہے تو چلے

رات بھر حُرؑ کی صدا آتی ہے کانوں میں نویدؔ
شبِ عاشور کا بیدار کوئی ہے تو چلے

Presented by Ziaraat.Com

# کربلا ہو چکی ہے، کربلا ہو رہی ہے،
# کربلا ہونی ہے

جانے والوں کے لئے، بسنے والوں کے لئے آنے والوں کے لئے
کربلا ہو چکی ہے، کربلا ہو رہی ہے، کربلا ہونی ہے

کربلا کب ہے زماں، کربلا کب ہے مکاں، روحِ تہذیبِ جہاں
آشنا ہو چکی ہے، آشنا ہو رہی ہے، آشنا ہونی ہے

کربلا حرؑ کی پسند، کربلا حرؑ کی زقند، ہر زمانے سے بلند
یہ بپا ہو چکی ہے، یہ بپا ہو رہی ہے، یہ بپا ہونی ہے

کربلا حرؑ کا ہے ناز، کربلا حرؑ کا نیاز، کربلا حرؑ کی نماز
جو ادا ہو چکی ہے، جو ادا ہو رہی ہے، جو ادا ہونی ہے

حرؑ سے مستانے کی راکھ، حرؑ سے فرزانے کی راکھ، حرؑ سے پروانے کی راکھ
کیمیا ہو چکی ہے، کیمیا ہو رہی ہے، کیمیا ہونی ہے

Presented by Ziaraat.Com

ہے جو ھل من کی صدا، ہے وہی کُن کی صَدا، جزو کی کُل کی صَدا
یہ صدا ہو چکی ہے، یہ صدا ہو رہی ہے، یہ صدا ہونی ہے

تم کہیں تھے کہ نہیں، تم کہیں ہو کہ نہیں، کہیں ہو گے کہ نہیں
ابتدا ہو چکی ہے، ابتدا ہو رہی ہے، ابتداء ہونی ہے

ہمیریؒ ہوں کہ کمیتؒ ہوں وہ دعبلؒ کہ انیسؒ، ہوں فرزوقؒ کہ نویدؒ
ہاں عطا ہو چکی ہے، ہاں عطا ہو رہی ہے، ہاں عطا ہونی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# کائینات کا ماتم

تشنہ گانِ فرات کا ماتم
دن کا ماتم رات کا ماتم

ہے بپا سینۂ تغیر میں
کربلا کے ثبات کا ماتم

سب زمان و مکان روتے ہیں
ہے یہ کل کائنات کا ماتم

ہے بپاشش جہات میں ہائے
ذاتِ والا صفات کا ماتم

ہیں سیہ پوش ساعت و تقویم
ہے بپا جدلیات کا ماتم

Presented by Ziaraat.Com

کر رہے ہیں بپا وجود و عدم
واجب و ممکنات کا ماتم

ہیں جو نوحہ کناں فنا و بقا
ہے حیات و ممات کا ماتم

کیا کہوں کب کسی پہ احساں ہے
ہے یہ اپنی نجات کا ماتم

بات بے بات ہو رہا ہے نویدؔ
ہر طرف ایک بات کا ماتم

Presented by Ziaraat.Com

# چلو حسینؑ کے ساتھ

بُلا رہی ہے مشیّت چلو حسینؑ کے ساتھ
یہ کہہ رہی ہے شہادت چلو حسینؑ کے ساتھ

یہ تم جو اجرِ رسالت کی بات کرتے ہو
یہی ہے اجرِ رسالت چلو حسینؑ کے ساتھ

صدا ہے یہ شہدا کی صلوٰۃ قائم ہو
ادا ہو رسمِ اقامت چلو حسینؑ کے ساتھ

عمامہ زین فرس پر، ہیں زیرِ تیغ حسینؑ
ہے سر برھنہ شریعت چلو حسینؑ کے ساتھ

یہی ہے حق کی صدا حق کے ساتھ ہو جاؤ
پکارتی ہے طریقت چلو حسینؑ کے ساتھ

Presented by Ziaraat.Com

ہے زندگی کی جو دھڑکن تمہارے سینے میں
حسینؑ کی ہے امانت چلو حسینؑ کے ساتھ

کہیں نہیں ہے اگر ہے تو بس وہیں ہے خدا
ہے گر تلاشِ حقیقت چلو حسینؑ کے ساتھ

Presented by Ziaraat.Com

# حسینؑ تم کو بلا رہے ہیں

یہ عصرِ عاشورِ کربلا ہے حسین تم کو بلا رہے ہیں
چلو کہ مقتل سجا رہے ہیں صدائے ہل من لگا رہے ہیں

تمہاری سانسوں سے باندھے تم کو جو کھینچتی ہے وہ موت کیا ہے
ہے زندگی کیا حسینؑ تم کو یہ زیرِ خنجر بتا رہے ہیں

جو چاہتے ہو ہمیشہ جینا تو موت کو تم گلے لگا لو
کہ موت پر جو پڑے ہیں پردے حسینؑ اُن کو اُٹھا رہے ہیں

جسے سمجھتے ہو موت اپنی وہی تو در اصل زندگی ہے
کہیں نگل لے نہ موت تم کو حسینؑ تم کو بچا رہے ہیں

یہ سوچ لیتے خودی کے مارے خدا کے مارے یہ سوچ لیتے
خودی پہ خنجر چلا رہے ہیں خدا پہ خنجر چلا رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

یہ راز کس پر کھلا ہے آخر سرا یہ کس کو ملا ہے آخر
جو دستِ بیعت اٹھا رہے ہیں چراغِ خیمہ بجھا رہے ہیں

خدا نہیں ہیں تو کون ہیں وہ حسینؑ ہیں وہ کہ جون ہیں وہ
گلا جو اپنا کٹا رہے ہیں جو ہم کو جینا سکھا رہے ہیں

نویدؔ ہے یہ دعائے زہراؑ بنا رہے ہیں وہ گھر کو جنت
عطائے زینبؑ سے گھر میں اپنے جو فرشِ مجلس بچھا رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

# کربلا جاری ہے

شہ کا پُرسہ ہے لہو رنگ عزاداری ہے
کربلا جاری ہے
وہی ماتم وہی سجاد کی سالاری ہے
کربلا جاری ہے

صبح پڑھتے ہوئے نوحہ ہے نکلتا سورج
رات آتی ہے تو ہے آہ میں ڈھلتا سورج
ہے وہی صبح وہی شام کی آزاری ہے
کربلا جاری ہے

خونِ ناحق جو بہتّر کا بہا تھا بن میں
شہؑ کے جو حلق بریدہ سے بہا تھا رن میں
آج بھی سنگِ حلب سے وہ لہو جاری ہے
کربلا جاری ہے

Presented by Ziaraat.Com

فجر ہوتی ہے تو یاد آتی ہے اکبرؑ کی اذاں
جب عشاء ہوتی ہے یاد آتا ہے خیموں کا دھواں
ماتمیوں پہ تو بس کرب و بلا طاری ہے
کربلا جاری ہے

بس سوئے کرب و بلا اپنا سفر رکھنا ہے
اک ہتھیلی پر سر اک کف پہ جگر رکھنا ہے
کہو خنجر تلے سر رکھنے کی تیاری ہے
کربلا جاری ہے

لے اڑے گی تجھے ہمراہ یہ پروازِ حسینؑ
رات کے پچھلے پہر سُن کبھی آوازِ حسینؑ
یعنی ہر ایک صدا پر یہ صدا بھاری ہے
کربلا جاری ہے

Presented by Ziaraat.Com

پھر رہے ہیں سحر و شام اُسی پھیرے میں
گھر گیا وقت جہاں شام کے اک گھیرے میں
یہ اُسی شامِ غریباں کی عزاداری ہے
کربلا جاری ہے

ہے خدا بھی وہیں موجود جہاں گریہ ہے
یہاں ماتم کی صدائیں ہیں وہاں گریہ ہے
عرش ہو فرش ہو زینبؑ کی عملداری ہے
کربلا جاری ہے

نوحہؔ ناحیہ رو رو کے یہ کہتا ہے نویدؔ
گھاوؔ سینے کا نہ مٹتا ہے نہ بھرتا ہے نویدؔ
آج بھی چشم سے مہدیؑ کی لہو جاری ہے
کربلا جاری ہے

Presented by Ziaraat.Com

# مقامِ محمود کی صدا ہے

صدا جو ھل من کی آ رہی ہے مقامِ محمود کی صدا ہے
یہ استغاثائے سرمدی ہے سنو! یہ معبود کی صدا ہے

مشاہدہ تو یہ کہہ رہا ہے شہود سے تو یہی ہے ظاہر
گلوئے شاہد سے آنے والی دراصل مشہود کی صدا ہے

یہ عصرِ عاشورِ کربلا ہے کہ تم کو مقتل بلا رہا ہے
صدا یہ معلوم کی صدا ہے سنو یہ موجود کی صدا ہے

ادا ہو مستی میں ایک سجدہ کہاں ہے تُو منتظر ہے جلوہ
یہ کربلا ہے مقامِ سدرہ حسینؑ مسجود کی صدا ہے

جسے یہ تلوار دیکھنا ہو خدا کا دیدار دیکھنا ہو
وہ آئے اپنے لہو میں ڈوبے یہ خون آلود کی صدا ہے

Presented by Ziaraat.Com

یہ قابَ قوسین کربلا ہے بس ایک سجدے کا فاصلہ ہے
یہ سدرۃ المنتہیٰ سے ہر دم حسینؑ معبود کی صدا ہے

صدا پہ چُپ تو نہ رہ جواباً نویدؔ لبیک کہہ جواباً
مقامِ محمود کی صدا ہے مقامِ محمود کی صدا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

آج بھی زینبؑ کی آتی ہے صدا بھائی حسینؑ
خاک پر میں تیرا لاشہ بھول کب پائی حسینؑ

چلتے ناقے سے گرایا خود کو جلتی ریت پر
گھٹنیوں کے بل میں تیری لاش تک آئی حسینؑ

بس میں گھبرائی تھی خنجر تجھ پہ چلتا دیکھ کر
پھر کسی مشکل میں گھر کر میں نہ گھبرائی حسینؑ

بہہ رہے تھے آنکھ سے آنسو تری رخصت کے وقت
پھر کوئی آنسو نہ ٹپکا آنکھ پتھرائی حسینؑ

ایک اک حجرے میں رک کر ٹھہر کر ہر در کے پاس
خالی گھر میں ڈھونڈتی ہے تجھ کو تنہائی حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

کون تھا جو مرنے والوں میں نہیں تھا خُوبرو
بھولنے بیٹھی تو کس کس کی نہ یاد آئی حسینؑ

دیکھتی ہوں خاک دامن میں تو بھر آتا ہے دل
خاک پر مَیں کیسے کیسے پھول چھوڑ آئی حسینؑ

صورتیں اِک ایک کرکے چھین لیں سب وقت نے
تیرے بچپنے کی مگر صورت نہ دکھلائی حسینؑ

ہاتھ میں کوزے لیے سب آسماں تکتے رہے
ابر نے اک بوند پانی کی نہ برسائی حسینؑ

دور اُفتادہ سفر سے لَوٹ کر مَیں نے نویدؔ
ٹھنڈا پانی جب پیا بس تیری یاد آئی حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

سرِ حسینؑ کٹا ہے جس ابتداء کے لئے
ہے بے ردا سرِ زینبؑ اُس انتہاء کے لئے

بتایا حُرؑ نے یہ پڑھ کر حسینؑ کا کلمہ
کہ یا حسینؑ ضروری ہے لاالہٰ کے لئے

چڑھا کے باتوؑ نے ننھی سی آستینوں کو
سنوارا ہے علی اصغرؑ کو بھی وغا کے لئے

ابھی ہے خیمے کے دَر پر کھڑی ہوئی زینبؑ
ابھی نہ حلق پہ خنجر چلا خدا کے لئے

سکینہؑ تیری خموشی پہ ہے بپا کہرام
ترس رہا ہے یہ زنداں تری صدا کے لئے

Presented by Ziaraat.Com

پسر کے سینے سے ہائے وہ کھینچ کر برچھی
اُٹھانا شاہ کا ہاتھوں کو وہ دعا کے لئے

نویدؔ ثانی زہراؑ سے مانگ اُن کا کرم
سفینہ چاہیے اِس قلزمِ ثنا کے لئے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

اس طرح سے شام تاریکی میں چھپ جائے حسینؑ
سر نہ زینبؑ کو سرِ نیزہ نظر آئے حسینؑ

ہو رہا ہے گم تیرا سایہ نشیب دشت میں
بڑھ رہے ہیں سوئے زینبؑ شام کے سائے حسینؑ

ہاتھ غازیؑ کے کٹے یا کٹ گئے زینبؑ کے ہاتھ
یہ چُھری تجھ پر کہ زینبؑ پر چلی ہائے حسینؑ

وہ جو گُھڑکی سے بھی ناواقف ہو بچی پھول سی
ہائے وہ مُنہ پر طمانچے کس طرح کھائے حسینؑ

کاش جاتی شام لے جائے تنِ زینبؑ سے جاں
یوں بھی جیتے جی وہ مر ہی جائے گی ہائے حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

کربلا سے شام تک اور شام سے زندان تک
کون سے لمحے سکینہؑ کو نہ یاد آئے حسینؑ

خوں جو جاری ہے رگوں میں شہ کا صدقہ ہے نویدؔ
جب تلک جاری ہے خوں کہتے رہو ہائے حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کی بجھتی آنکھوں میں تاریک ہُوا سارا مقتل
بس تیر ہی رہ گئے آنکھوں میں آنکھوں سے ہوا بھائی اوجھل

صحرا کی ساری خاک اُڑ کر جب آ گئی زینبؑ کے سر میں
تب جا کے خاک سے پھوٹی ہے یہ الااللہ کی اک کونپل

اب چاہے آگ لگے اس کو یا کوئی کھینچ کے لے جائے
وہ سر تو چڑھ گیا نیزے پر جس سر کے لیے تھا یہ آنچل

آندھی نیزے اور تیر تبر اک خشک گلا اور اک خنجر
زینبؑ کے دل میں سمٹ آئی سب شامِ غریباں کی ہلچل

اطراف میں آدھ جلے خیموں کے اک سایہ حرکت کرتا ہُوا
روندا ہُوا خاک پہ اِک لاشہ اور دور تلک سونا جنگل

Presented by Ziaraat.Com

شبیرؑ کی شہ رگ سے ہائے زینبؑ کی جان نکلتی تھی
جس وقت لرزتی تھی ہر شے زینبؑ تھی درِ خیمہ پر شل

سینہ کوبی و سینہ زنی زنجیر زنی و قمہ زنی
زینبؑ کے دل کے لہو سے ہے یہ ساری کرب و بلا جل تھل

آنسو جو بھی بہتا ہے نویدؔ موتی بن کر کہتا ہے نویدؔ
ہر ایک خوشی اس پر قرباں اِس غم کا نہیں ہے کوئی بدل

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

چادر کا خیال آتے ہی زینبؑ کو غش آیا بازار جب آیا
سب بیبیوں نے چہروں کو بالوں سے چھپایا، بازار جب آیا

دیکھو یہ تماشائی کھڑے ہنستے ہیں ہم پر، برساتے ہیں پتھر
لوٹ آئی سکینہؑ کی صدا کوئی نہ آیا، بازار جب آیا

بس نادِ علیؑ پڑھتی رہی سر کو جھکائے، پتھر کئی آئے
خوں سر سے ٹپکتا رہا پر سر نہ اٹھایا، بازار جب آیا

مقنع ہے نہ چادر کہو سر کیسے چھپائیں، اب ہم کہاں جائیں
سجادؑ کو زینبؑ نے قریب اپنے بلایا، بازار جب آیا

کیوں دیر سے آئی نہیں زنجیر کی جھنکار، کیا آ گیا بازار
یہ پوچھنے دل تھام کے فضہ کو بلایا، بازار جب آیا

Presented by Ziaraat.Com

ہم اہلِ حرم کو یہ تماشائی برابر، دیکھیں گے کُھلے سر
کلثومؑ کو اس خوف نے تصویر بنایا، بازار جب آیا

بیمار جو بازار میں تھا سر کو جھکائے، دڑّے جو لگائے
سر تا بہ قدم خون میں بیمار نہایا، بازار جب آیا

کی شامیوں نے کیسی یہ مظلوموں کی خاطر، آئے جو مسافر
پتھر ہی برستے تھے کہاں تھا کوئی سایہ، بازار جب آیا

کس طرح نوید آہ لکھوں شام کی منزل، کٹتا ہے میرا دل
نوحہ جو یہ لکھا ہے تو دل خوں سے بھر آیا، بازار جب آیا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

صحرا کی ہوا نے بھائی کو مٹی کا کفن پہنایا ہے
ہاتھوں میں رسن سر بے چادر کیا وقت بہن پر آیا ہے

مقتل نے خاک اڑھائی ہے تیرں نے لاش اُٹھائی ہے
نیزوں نے قبر بنائی ہے تلواروں نے دفنایا ہے

تھی خاک پہ لاش جو بھائی کی زینب کو رِدا کی ڈھارس تھی
جس وقت ہوئی ہے بے چادر زینبؑ کو کفن یاد آیا ہے

ہے شور سلام و علیکَ کا ہے شور اباَ عبداللہ کا
خیموں میں ماتم برپا ہے اِک سر نیزے پر آیا ہے

اک سر کو دیکھنے نیزے پر، اک سر کو دیکھ کے نیزے پر
سجادؑ اٹھے ہیں غش سے ابھی زینبؑ کو ابھی غش آیا ہے

مقتل میں کیا رو رو کے ادا زینبؑ نے شکریہ تیروں کا
مجھ بے چادر کے بھائی کا لاشہ تیروں نے چھپایا ہے

اس بات پہ میں حیراں ہوں نویدؔ وہ کیسے مسلماں تھے جو نویدؔ
کلمہ بھی اُسی کا پڑھتے تھے خنجر بھی اُسی پر چلایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بہن کا سر ہے کُھلا شام آ گیا غازیؑ
نہیں خبر تمہیں کیا شام آ گیا غازیؑ

جواب کیوں نہیں دیتے اُسی طرح سے مجھے
میں دے رہی ہوں صدا شام آ گیا غازیؑ

سناں سے گرتے ہوئے تیرے سر کو جب دیکھا
مجھے تو ایسا لگا شام آ گیا غازیؑ

شرابی قہقہے کانوں کو جب سنائی دیے
مجھے یقین ہوا، شام آ گیا غازیؑ

تمہی ردا کے محافظ تھے تم سے کہتی ہوں
نہیں ہے سر پہ ردا شام آ گیا غازیؑ

Presented by Ziaraat.Com

ہر ایک بی بی پہ ہونے لگی غشی طاری
اندھیرا چھانے لگا شام آ گیا غازی

اُدھر تھا شور تماشائیوں میں اور نویدؔ
اِدھر تھی سب کی صدا شام آ گیا غازیؑ

# نوحہ

کیا خدایا کوئی ہے زینبؑ مضطر کے قریب
دیکھ اب ہاتھ پہنچنے کو ہیں چادر کے قریب

آ گیا وقت کہ ہو کرب و بلا کی تکمیل
تیر آنے لگے گہوارۂ اصغرؑ کے قریب

کٹ گرے خاک پہ شاید کہ علمدار کے ہاتھ
شمر کے ہاتھ جو آ پہنچے ہیں گوہر کے قریب

شہہؑ نے پیوستی کی تیروں کو اجازت دی تھی
تیر آ سکتے تھے ورنہ تن سرورؑ کے قریب

بیبیاں خود کو سرِ خاک گرا دیتی تھیں
ناقہ آ جاتا تھا جب ننھے سے اک سر کے قریب

Presented by Ziaraat.Com

ہاتھوں سے ڈھونڈتے ہیں لاش کہ بینائی نہیں
لاش سے دور ہیں شہہؑ لاشۂ اکبرؑ کے قریب

اتنے افسردہ تھے بچے کہ علمدار کے بعد
بھول کر بھی نہیں آیا کوئی ساغر کے قریب

زینبؑ آئیں تھیں یونہی لاشۂ شبیرؑ کے پاس
جس طرح پہنچے تھے شہؑ لاشۂ اکبرؑ کے قریب

لشکرِ شہؑ کا حشم تھا ہی کچھ ایسا کہ نویدؔ
کربلا آ گئی خود چل کے بہتر کے قریب

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بھرے دربار میں زینبؑ جو ہو کر قید آتی ہے
بندھے ہیں ہاتھ آنکھیں بند کر کے منہ چھپاتی ہے

نہ خود اُٹھتے ہیں عابدؑ اور نہ عابدؑ بیٹھتے ہیں خود
یہ بیڑی کی ہے مشکل جو اٹھاتی ہے بٹھاتی ہے

ہے زینبؑ کون تم میں پوچھتا ہے جب وہ ظالم تو
ہر اِک بی بی خود آ گے آ کے زینبؑ کو چھپاتی ہے

وہ ظالم مانگتا ہے جب سکینہؑ کو کنیزی میں
یہ منزل ہی کچھ ایسی ہے کہ زینبؑ کانپ جاتی ہے

کنیزی کا ہے مطلب کیا سکینہؑ پوچھتی ہے جب
تو زینبؑ تھام کر دل کو زمیں پر بیٹھ جاتی ہے

Presented by Ziaraat.Com

نشاں بازو کے دکھلا کر سکینہؑ کو پھوپھی زینبؑ
یہاں سے ہاتھ غازیؑ کے کٹے تھے یہ بتاتی ہے

گلے کا نیل دکھلا کر سکینہؑ ہائے زینبؑ کو
یہاں سے ہی گلا شہؑ کا کٹا تھا یہ بتاتی ہے

نویدؔ اُس وقت مجھ کو یاد کیا آتا ہے مت پوچھو
سفر میں سر پر جب اڑ کر ہوا سے خاک آتی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کوئی چھین نہیں سکتا ہم سے ماتم ہے امانت زینبؑ کی
عابدؑ کی امامت نوحہ ہے ماتم ہے اقامت زینبؑ کی

فرعون کے آگے موسیٰؑ کو جس نے عطا کی تھی ہیبت
دربارِ یزید میں ظاہر کی اُس نے ہی جلالت زینبؑ کی

عرشی ہوں کہ فرشی سب نے کی اسلام کے ہاتھوں پر بیعت
رسی جو بندھی بازو میں تو کی اسلام نے بیعت زینبؑ کی

اِس قافلے کی توحید نے خود بخشی ہے قیادت زینبؑ کو
جب عصمت کی منزل آئی پیش آئی ضرورت زینبؑ کی

ہے حُرمت و عصمتِ زینبؑ کیا اے کھینچنے والو سَر کی ردا
پوچھو یہ غلافِ کعبہ سے اوڑھے ہے جو خلعت زینبؑ کی

Presented by Ziaraat.Com

اس دستِ دعا کو اے طالب کر لے تو ذرا دستِ ماتم
پھر دیکھ کہ تجھ پر ہوتی ہے کس طرح سے رحمت زینبؑ کی

درپیش سفر بازار کا ہے بازار سے پھر دربار کا ہے
اس مشکل میں ہے امامت کو درکار اجازت زینبؑ کی

جس شام کے شہر کی گلیوں میں اک دن وہ کھُلے سر آئی تھی
یہ شہر وہی ہے شہر مگر ہے آج حکومت زینبؑ کی

زینبؑ کے سر پر فضیلت کا کیا تاج رکھے گا کوئی نویدؔ
سر پر ہے آپ فضیلت کے نعلین عقیدت زینبؑ کی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

مقتل سے جو نکلی تو دِیا بن گئی زینبؑ
زینبؑ نہ رہی کرب و بلا بن گئی زینبؑ

گو عصر تلک تھی وہ لہو کی طرح خاموش
گونجی تو بہتر کی صدا بن گئی زینبؑ

جس دن سے مرا کرب و بلا بن گیا کعبہ
قبلے کی قسم قبلہ نما بن گئی زینبؑ

ہر لمحہ کہے جس کو حسینؑ اپنا ارادہ
میرے لیے وہ رازِ خدا بن گئی زینبؑ

توحید کُھلے سر تھی، ردا اپنی لٹا کر
اسلام ترے سر کی ردا بن گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

جس نے کہیں ماتم کے لیے ہاتھ اٹھائے
اس کے لئے خود دستِ دعا بن گئی زینبؑ

جس دن سے نویدؔ اس نے بچھائی صفِ ماتم
اُس دن سے شفاعت کی بنا بن گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

روتی ہے بے ردائی کو چادر پکار کر
سوکھے گلے کو روتا ہے خنجر پکار کر

اے شمر پاؤں سینۂ قرآن سے ہٹا
دیتی رہی دہائی یہ خواہر پکار کر

کیا کاٹتا گلے کو گلے سے میں کٹ گیا
کہنے لگا یہ شمر سے خنجر پکار کر

بہتا ہے خوں سکینہؑ کے کانوں سے بن کے دھار
بہتے لہو کو روتے ہیں گوہر پکار کر

پانی جو پایا بچوں نے کوزوں میں بعدِ شام
اصغرؑ کو ہائے رو دیے ساغر پکار کر

Presented by Ziaraat.Com

اکبرؑ گرے جو گھوڑے سے سینے پہ رکھ کے ہاتھ
ماں در پہ رہ گئی علی اکبرؑ پکار کر

ناقے سے گر گئی ہے سکینہؑ رکو رکو
نیزے سے کہہ رہا ہے کوئی سر پکار کر

ہر در پہ خالی حجروں میں صغرا کے ساتھ ساتھ
ایک اک کو دے رہا ہے صدا گھر پکار کر

اب بھی نویدؔ ڈوبتے سورج کے ساتھ ساتھ
روتا ہے شہؑ کو شام کا منظر پکار کر

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ہر قافلۂ صبح کی سالار ہے زینبؑ
خورشید ترا مطلعِ بیدار ہے زینبؑ

یعنی کہ ردا ہیں سرِ زینبؑ کی شہہِ دیں
یعنی سرِ شبیرؑ کی دستار ہے زینبؑ

جس دائرۂ کرب و بلا میں ہے زمانہ
اس دائرے کا نقطۂ پَرکار ہے زینبؑ

یہ کس کو خبر ہے کہ پسِ پردۂ جرأت
ہے جو لبِ سرورؑ پہ وہ انکار ہے زینبؑ

توحید اور اسلام کو ہر قیدِ ستم سے
آزاد کرانے کو گرفتار ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

گفتار میں ہے فاطمہ زہراؑ کی فصاحت
خاموشی میں توحید کا اسرار ہے زینبؑ

کر لے تُو ذرا دستِ دعا کو یدِ ماتم
پھر دیکھ کہ کس طرح مددگار ہے زینبؑ

جس کے لئے اُترا ہے نویدؔ اشک کا آزار
وہ دیدۂ خوں بستہ و خوں بار ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کربلا میں لُٹا کے گھر اپنا آ گئی شام بے ردا زینبؑ
بچ گیا لاالہٰ اِلااللہ ہو گیا کارِ انبیاء زینبؑ

ایک نے ابتدائے لا کی ہے ایک نے انتہائے الااللہ
کربلا کی ہے ابتدا شبیرؑ کربلا کی ہے انتہا زینبؑ

آج بھی تُو ہی ہے شریکِ حسینؑ آج بھی ہے ترا سفر جاری
آج بھی ساتھ ساتھ ہل من کے آ رہی ہے تری صدا زینبؑ

انتخابِ ولایت و توحید اور کوئی نہیں بس ایک حسینؑ
اور اک تُو ہے انتخابِ حسینؑ کیا کہوں اب میں اور کیا زینبؑ

ایک واحد ہے اور ایک احد ایک ہے روح اور ایک جسد
کربلا ہے حسینؑ کا چہرہ کربلا کا ہے آئینہ زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

تو نہ ہوتی تو کربلا بھی نہ تھی کربلا گر نہ تھی خدا بھی نہ تھا
کربلا ہے بنائے الاللہ اور تجھ سے ہے کربلا زینبؑ

ہاتھ جس کے ہے عزت و ذلت صرف تو ہی ہے وہ یدیک الخیر
تُو جسے چاہے اُس کو ذلت دے تو ہی عزت کرے عطا زینبؑ

اوڑھ کر آپ کی ردا کعبہ پڑھ رہا ہے نویدؔ کا نوحہ
ہے سلامت خدا کا گھر لیکن آپ کا گھر اُجڑ گیا زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

خدا کے کام کو زینبؑ نے کر دکھایا ہے
رِدا کے بدلے میں توحید کو بچایا ہے

اگر ہے حق پہ تو بس پڑھ حسینؑ کا کلمہ
حسینؑ ہی نے تو یہ لا الٰہ بچایا ہے

کیا ہے تیغ تلے جس نے شکر کا سجدہ
جبیں نے جس کی خدا کو خدا بنایا ہے

حسینؑ وہ ہے جو تیغِ سوالِ بیعت کو
گلے سے مقتل ذلت میں گھیر لایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

جو بیڑی ناتواں پیروں میں شام ڈھلتے پڑی
پھوپھی عجیب سی حسرت سے دیکھتی تھی کھڑی

فرازِ ناقہ سے ہائے بہن نے کیا دیکھا
تھی لاش بھائی کی جلتی ہوئی زمیں پہ پڑی

جو تازیانہ لگایا پہنا کے طوق اُسے
پھوپھی تو تھام کے دل رہ گئی کھڑی کی کھڑی

ہر ایک خیمہ سراسر لہو میں ڈوب گیا
تھمی نہ شام تلک خون کی لگی وہ جھڑی

گری سکینہؑ جو ناقے سے پائے عابدؑ میں
یہ وہ گھڑی تھی کہ جب بیڑی پڑگئی تھی کڑی

Presented by Ziaraat.Com

اُٹھے جو غش سے تو زینبؑ کو بے ردا دیکھا
نہ بھولے عابدؑ بیمار عمر بھر وہ گھڑی

تھی تازیانہ اُسے بے ردائی زینبؑ کی
مصیبتوں میں مصیبت یہی تھی سب سے بڑی

کہو ہوا سے یہاں خاک سر پہ رہنے دے
ردا کہاں ہے یہاں خاک ہی ہے سر پہ پڑی

جو چھت نہیں تھی تو زنداں میں قیدیوں پہ نویدؔ
تمام دھوپ پڑی اور تمام اوس پڑی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بعدِ شہہ زینبؑ مضطر کو کہاں نیند آتی
وارثِ لاشۂ بے سر کو کہاں نیند آتی

کربلا خاک کا بستر جو نہ ہوتا تیرا
عصرِ عاشور بہتّر کو کہاں نیند آتی

رات بھر جاگ کے زانو جو نہ ملتا شہہؑ کا
سوچتا ہوں حُرِؑ مضطر کو کہاں نیند آتی

خاک زنداں کی کہاں باپ کا سینہ بنتی
ہائے شبیرؑ کی دختر کو کہاں نیند آتی

سائے میں آتے ہی کیوں دم نہ نکلتا اُس کا
کوکھ اُجری ہوئی مادر کو کہاں نیند آتی

Presented by Ziaraat.Com

ستمِ شامِ غریباں سے پڑے تھے غش میں
راکھ پر اُجڑے ہوئے گھر کو کہاں نیند آتی

نیند زینبؑ کے کُھلے سر نے اُڑائی تھی نویدؔ
غش میں بھی عابدِؑ مضطر کو کہاں نیند آتی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کب شام کا زنداں یاد رہا کب اپنا کھُلا سر یاد رہا
بھائی کے گلے پر چلتا ہوا زینبؑ کو خنجر یاد رہا

دو منظر شامِ غریباں کے سجادؑ کی آنکھ نہیں بھولی
اک سر نیزے پر یاد رہا اک سر بے چادر یاد رہا

عابدؑ سے نہ پوچھا صغراؑ نے بس خوں روتے اُسے دیکھا کی
بازار کا منظر کیا پوچھے سجادؑ کو کیونکر یاد رہا

جس شام کو آندھیاں اُٹھی تھیں وہ شام رباب نہیں بھولی
آنا وہ عدو کا آگ لیے خیموں کے اندر یاد رہا

صغراؑ کی گود میں اصغرؑ کا جا کر نہ کسی صورت آنا
زنداں میں سکینہؑ کو ہر دم رخصت کا منظر یاد رہا

Presented by Ziaraat.Com

بس یاد رہا تو سواری کا وہ مقتل سے خالی آنا
کب اُس کو طمانچے یاد رہے کب اس کو گوہر یاد رہا

کیسا پانی کیسا سایہ جب دیکھو دھوپ میں بیٹھی ہے
سائے میں جانا بھول گئی بس ماں کو اصغر یاد رہا

ماتم کرتا سینے میں دھڑکتا دل ہر دم کہتا ہے نویدؔ
شبیرؑ کا غم دھڑکن کی قسم اِس دل کو برابر یاد رہا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کے تھا لبوں پر، اب شام جا رہی ہوں
رخصت کرو برادر اب شام جا رہی ہوں

قدموں پہ تیرے وارے دامن کے پھول سارے
دامن میں خاک بھر کر ، اب شام جارہی ہوں

بیمار ناتواں ہے ناقوں کا سارباں ہے
پہنے ہوئے ہے لنگر، اب شام جارہی ہوں

اب ننگے سر ہے پھرنا اب دربدر ہے پھرنا
اب چھن چکی ہے چادر، اب شام جارہی ہوں

بھائی پہ گھر لُٹانے ، آئی تھی خاک اُڑانے
صحرا میں خاک اُڑا کر، اب شام جارہی ہوں

Presented by Ziaraat.Com

اب جیتے جی ہے مرنا بازار سے گزرنا
بالوں سے منہ چھپا کر، اب شام جا رہی ہوں

خنجر تھی تیری منزل بازار میری منزل
اب چل چکا ہے خنجر، اب شام جا رہی ہوں

بھائی ترے گُلو سے بہتے ہوئے لہو سے
منزل یہ ہوگئی سَر، اب شام جا رہی ہوں

پہلو نہ ماں کا پائے ڈر ہے کہ ڈر نہ جائے
تیرے حوالے اصغرؑ، اب شام جا رہی ہوں

اُٹھی نویدؔ کہہ کر شیرِ خدا کی دختر
حافظ خدا برادر، اب شام جا رہی ہوں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ماں جائے جُدا ہو کر گھر کیسے مَیں جاؤں گی
تم خاک پہ سوؤ گے مَیں جاک اُڑاؤں گی

صغراؑ سے نشاں اپنے بازو کے چُھپا لوں گی
پوچھے گی جو اکبرؑ کو کیا اس کو بتاؤں گی

آ کر وہ سکینہؑ کا قدموں سے لپٹ جانا
منظر تری رخصت کا میں کیسے بھلاؤں گی

سر دو گے تم اپنا تو میں دوں گی ردا اپنی
تم دین بچاؤ گے میں تم کو بچاؤں گی

غازیؑ یہ علم تیرا مقتل میں اُٹھائے گا
مقتل سے علم لے کر دربار میں جاؤں گی

Presented by Ziaraat.Com

تجھ کو تو میں مقتل میں پانی نہ پلا پائی
مجلس میں ترے پیاسوں کو پانی پلاؤں گی

یہ سوچ کے سر اپنا ٹکراتی ہوں زنداں سے
جب لَوٹ کے گھر تجھ کو مَیں گھر میں نہ پاؤں گی

بازار میں جب میرے ہاتھوں میں رسن ہوگی
عابد کو میں دروں سے کس طرح بچاؤں گی

اس فرش کو ہی خالق عرش اپنا بنالے گا
مجلس کا نویدؔ ایسا مَیں فرش بچھاؤں گی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کسے بتائے کہ زینبؑ پہ کیا گزرتی ہے
وہ راہِ شام سے جب بے ردا گزرتی ہے

جہاں جہاں سے گزرتے ہیں اہلبیتِ نبیؐ
برہنہ پا، کُھلے سر فاطمہؑ گزرتی ہے

اسیر کہتے ہیں ہاں خاک کو ردا کر دے
کُھلے سروں کو جو چُھو کر ہوا گزرتی ہے

بلند سارے شہیدوں کے سر ہیں نیزوں پر
سفر میں پیشِ نظر کربلا گزرتی ہے

اُچھل کے ناقوں سے گرتے ہیں گود کے پالے
اسیر ماؤں پہ یہ بھی جفا گزرتی ہے

Presented by Ziaraat.Com

سکینہؑ سے کوئی پوچھے کہ قیدِ زنداں میں
صدا پہ کوئی نہ آئے تو کیا گزرتی ہے

سکینہؑ گِر گئی ناقے سے قافلے والوں
فضا میں یہ لبِ شہہؑ کی صدا گزرتی ہے

نظر ہے سارے تماشائیوں کی عابدؑ پر
کسے خبر کہ پسِ طوق کیا گزرتی ہے

نویدؔ کیا ہو بیاں حالِ عابدؑ مضطر
گلے کے طوق سے زنجیرِ پا گزرتی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کی پُشت کا ہر ذرّہ خود پُشت پہ کھایا فضہ نے
زینبؑ نے بچایا دین نبیؐ زینبؑ کو بچایا فضہ نے

صدقہ کر کے وہ تختِ حبش زہراؑ کی کنیزی میں آئی
اور زہراؑ کی نعلینوں کو ہے تاج بنایا فضہ نے

یوں اٹھتے بیٹھتے فضہ نے زہراؑ و علیؑ کی خدمت کی
اِس خدمت میں ماں کا رتبہ حسنینؑ سے پایہ فضہ نے

کی جیسی حُرمت زہراؑ کی حرمت کی ویسی زینبؑ کی
زینبؑ کے قدم سے پہلے قدم اپنا نہ اُٹھایا فضہ نے

بازار میں بھی دربار میں بھی رکھا اپنے حصار میں زینبؑ کو
وعدہ جو کیا تھا زہراؑ سے وعدہ وہ نبھایا فضہ نے

Presented by Ziaraat.Com

جس وقت شقی ہر اک سے حرم میں پوچھ رہا تھا زینبؑ کو
آگے آ کر، اپنے پیچھے زینبؑ کو چھپایا فضہ نے

زندہ رہی جب تک شام ڈھلے معمول رہا یہ فضہ کا
سرہانے قبرِ سکینہؑ کے ہے چراغ جلایا فضہ نے

زینبؑ نے پکارا فضہ کو ماں کہہ کر ہی تا عمر نویدؔ
زینبؑ کو مگر آقا زادی کہہ کر ہی بُلایا فضہ نے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

سر سے چادر بھی گئی گھر بھی لُٹا زینبؑ کا
بچ گیا دین مگر کچھ نہ بچا زینبؑ کا

لڑکھڑاتے ہوئے دیں نے بھی سنبھلنے کے لیے
بازو رسی سے بندھا تھام لیا زینبؑ کا

اُس کے دیں کے لیے جب اُس نے ردا بھی دے دی
دیکھتا رہ گیا زینبؑ کو خدا زینبؑ کا

ڈالنا سر پہ درِ حُجرۂ شبیرؑ کی خاک
آخری دم تک یہی اک کام رہا زینبؑ کا

پوچھا صغراؑ نے یہ سجادؑ سے تنہائی میں
شام تک بھائی سفر کیسے کٹا زینبؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

دم لے زنداں ابھی زینبؑ سے سکینہؑ کو نہ چھین
اور اندھیرا نہ بڑھا، دل نہ بجھا زینبؑ کا

آ کے بس حشر کے میداں میں رکے گا یہ نوید
قافلہ کرب و بلا سے جو چلا زینبؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

غازیؑ میرا کہاں ہے میں قید ہو رہی ہوں
ہر لب پہ الاماں ہے میں قید ہو رہی ہوں

بھائی کی جاں تھی مجھ میں اس نے گلا کٹایا
بھائی میں میری جاں ہے میں قید ہو رہی ہوں

لاشے کٹے گلوں سے لبیک کہہ رہے ہیں
لب پر مرے اذاں ہے میں قید ہو رہی ہوں

سب سانس لے رہے ہیں بیمارؑ طوق میں ہے
آزاد اِک جہاں ہے، میں قید ہو رہی ہوں

جس کے حصار میں ہے وحدانیت وہ بازو
رسی کے درمیاں ہے ، میں قید ہو رہی ہوں

Presented by Ziaraat.Com

مقتل سے آ رہی ہیں تکبیر کی صدائیں
اک حشر کا سماں ہے میں قید ہو رہی ہوں

ہر اک نبیؐ کی محنت ہر اک ولی کی عظمت
اس قید میں نہاں ہے میں قید ہو رہی ہوں

بازو میں فاطمہؑ کے رسّی یہ بندھ رہی ہے
اور سب کو یہ گماں ہے ، میں قید ہو رہی ہوں

اس دم نوید ہر اک گردش رکی ہوئی ہے
سکتے میں آسماں ہے ، میں قید ہو رہی ہوں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ہے شام کا بازار کہاں آ گئی زینبؑ
سایہ ہے نہ دیوار کہاں آ گئی زینبؑ

کس شان سے کس شہر سے کس گھر سے چلی تھی
یہ ہو کے گرفتار کہاں آ گئی زینبؑ

ہیں اہلِ حرم قید یہاں ، سگ یہاں آزاد
کس سے کرے اظہار کہاں آ گئی زینبؑ

ہیں قہقہے ہر لب پہ ہر اک ہاتھ میں ہیں سنگ
دُرّوں کی ہے بوچھار کہاں آ گئی زینبؑ

بے دینوں کے مجمع میں رسن بستہ کُھلے سر
اے دین کے سردار کہاں آ گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

نیزہ ہے ہر اک ہاتھ میں ہر ہاتھ میں نشتر
سب دیتے ہیں آزار کہاں آ گئی زینبؑ

اب دیکھیں نویدؔ آ کے چھپے گا کہاں باطل
کرنے کے لیے وار کہاں آ گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کیا دیا اُمّت نے یارب دیں بچانے کا صلہ
جو ردائیں بانٹتی ہے چھین لی اُس کی ردا

یہ گھر لے لو مرے مجھ کو طمانچے مار لو
پر میرے بابا کا خنجر سے نہ یوں کاٹو گلا

دم گھٹا ہے بس سلوکِ اُمت مرحوم سے
تنگ رسی سے نہ زنداں سے ہمارا دم گھُٹا

انبیاؑ تھامے ہوئے تھے بیڑیاں سجادؑ کی
قید ہو کر کربلا سے سارباں جس دم چلا

بس جو فرمایا نبیؐ نے وہ کہا شبیرؑ نے
بس وہی شہہؑ نے کہا ہے وہ جو زینبؑ نے کہا

Presented by Ziaraat.Com

دی سکینہؑ نے صدائے آخری جب بھائی کو
یہ گھڑی وہ تھی کہ عابدؑ سے نہ جب اٹھا گیا

ہے کُھلا زینبؑ کا سر اے حرمتِ توحید دیکھ
بن گئی آخر غلافِ کعبہ زینبؑ کی ردا

یادِ اکبرؑ کی سناں ایسے گڑی دل میں کے بس
مادرِ اکبرؑ کا اک پل بھی نہ دل سے ہاتھ اٹھا

لاالہٰ شہہؑ نے بچایا دے کے اپنا سر نویدؔ
اور ردا کے بدلے زینبؑ نے بچائی کربلا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کُھلے سر آئی ہے خوشیاں نہ مناؤ
ماتم کرو بازار میں میلہ نہ لگاؤ

جاتا ہی نہیں سینے سے آزارِ راہِ شام
بھرتے نہیں بیمار کی زنجیر کے گھاؤ

بیمار مسافر ترے ورثے میں نہیں ہے
دیوار نہ آرام نہ سایہ نہ پڑاؤ

اے ظالموں سوئے گا تو کیا خیر یہ بیمار
مصروفِ عبادت ہے نہ زنجیر ہلاؤ

اے شمر، سکینہؑ پہ یہ کیا طُرفہ ستم ہے
روئے تو نہ رونے دو، نہ روئے تو رلاؤ

Presented by Ziaraat.Com

کیا یونہی بتاتے ہیں یہ ہوتی ہے یتیمی
للہ سکینہؑ کو طمانچے نہ لگاؤ

نوحہ لیے پُرسے کو نویدؔ آیا ہے سرکار
اے لعل قلندرؒ مری توفیق بڑھاؤ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زنجیریں شور مچاتی ہیں ، دربار میں بیبیاں آتی ہیں
لگتا ہے جان سے جاتی ہیں ، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

جب آٹھ مؤذن مل مل کر بے وقت اذانیں دیتے ہیں
آنکھوں سے خون بہاتی ہیں، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

پھٹ جائے زمیں دھنس جائیں کہیں گر جائے فلک دب جائیں کہیں
دم گھٹتا ہے گھبراتی ہیں ، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

جب تخت نشیں کے ہونٹوں پر زینبؑ کا نام آجاتا ہے
غش کھاتی ہیں گر جاتی ہیں، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

ہیں پُشت پر اُن کے ہاتھ بندھے آنکھوں کو اپنی بند کر کے
ہر اک سے خود کو چُھپاتی ہیں، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

Presented by Ziaraat.Com

جو غیر صدا سے ناواقف ہیں نظروں میں نامحرم کی
بس زرد ہی پڑتی جاتی ہیں ، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

تطہیر وراثت ہے جن کی یہ پردہ جن کے دم سے ہے
بالوں سے منہ کو چھپاتی ہیں، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

عُزٰی ومنات ولات وھُبل نرغے میں لیے تھے جس کو نویدؔ
یہ وہ توحید بچاتی ہیں، دربار میں بیبیاں آتی ہیں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

شبیرؑ کا وعدہ تھا نبھا لے گئی زینبؑ
تھی بات شہہؑ دیں کی بنا لے گئی زینبؑ

مقتل میں لگی قیمتِ اسلام چُکانے
سر لے کے گئے شاہ، ردا لے گئی زینبؑ

ڈھانے کے لیے سطوتِ دربارِ امیّہ
عباسؑ کے پرچم کی ہوا لے گئی زینبؑ

وہ بار کہ جو مریمؑ و سارہؑ سے نہ اُٹھا
وہ بار اکیلے ہی اُٹھا لے گئی زینبؑ

تعویذ جہاں تھا وہاں رسی کا نشاں ہے
کس سے کہے کیا لائی تھی کیا لے گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ہاتھوں سے ستم گاروں کے اے شامِ غریباں
گھر تو نہ بچا دین بچا لے گئی زینبؑ

تھا لات و منات و ہُبل و عُزح کا نرغہ
توحید، نویدؔ ان سے بچا لے گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بے دینوں کے دربار میں لائی گئی زینبؑ
زہراؑ کی طرح ہائے ستائی گئی زینبؑ

پھر بیٹھنے اس کو نہ دیا یاد نے شہؑ کی
یوں بھائی کے لاشے سے اُٹھائی گئی زینبؑ

کاٹا گیا بھائی کا گلا آنکھوں کے آگے
اشکوں سے نہیں خوں سے رلائی گئی زینبؑ

موت آ گئی آخر اُسے اُجڑے ہوئے گھر میں
اُجڑی تو کبھی پھر نہ بسائی گئی زینبؑ

کیا جانیے کیا چھین لیا خاک نے اُس کا
بس خاک اُڑاتے ہوئے پائی گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

کیوں دے نہ تجھے تیرا خدا اپنی کمائی
ہاتھوں سے جو یہ تیری کمائی گئی زینبؑ

پوچھے گا نویدؔ اُس سے کہ کیا اُس نے لُٹایا
تجھ سے تو یہ توحید بچائی گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

شہؑ قتل ہوئے بڑھنے لگے شام کے سائے
زینب کہاں جائے

دڑّانہ عدو خیمۂ زینبؑ میں در آئے
زینب کہاں جائے
جاں سے نہ گزر جائے کہیں جاں پہ بنی ہے
یہ سوچ رہی ہے
چادر کو بچائے کہ سکینہؑ کو بچائے
زینب کہاں جائے
دامن میں سکینہؑ کے لگی آگ میں واری
خوں کانوں سے جاری
کانوں سے لہو پونچھے کہ وہ آگ بجھائے
زینب کہاں جائے

Presented by Ziaraat.Com

جب آخری خیمے میں لگی آگ تو سوچا
بیمار سے پوچھا
خیمے میں ہی جل جائے کہ باہر نکل آئے
زینب کہاں جائے
ظالم ہے، سکینہؑ کی کنیزی کا طلب گار
اور بر سرِ دربار
ظالم سے سکینہؑ کو بھلا کیسے چھپائے
زینب کہاں جائے
حالت کا تماشائی ہے بازار کا بازار
ہے مجمعِ اشرار
پھر کیا کرے بالوں سے اگر منہ نہ چھپائے
زینب کہاں جائے
کل ہی کی تو ہے بات مہکتا تھا بھرا گھر
کیا کیا تھے گُلِ تر
اب بھولنے بیٹھے بھی تو کس کس کو بھلائے
زینب کہاں جائے

Presented by Ziaraat.Com

تکتی ہے نویدؔ اس طرح حیرت سے ہر اک در
کیا یہ ہے وہی گھر
ویرانیٔ در دیکھ کے گھر کھانے کو آئے
زینب کہاں جائے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کے سر سے شام ردا لے کے جائے گی
عابدؑ کو درد دے کے ، دوا لے کے جائے گی

تھا سر پہ سایہ بھائی کا اب سر پہ خاک ہے
کیا لے کے آئی تھی یہاں کیا لے کے جائے گی

محشر کے روز شافعِ محشر کے واسطے
کُرتا بس ایک خوں میں بھرا لے کے جائے گی

اُڑ کر کُھلے سروں کی ردا بن کے جم گئی
زینبؑ سے گردِ راہ، دعا لے کے جائے گی

آنکھوں سے سوجھتا نہیں بیٹا جواب دو
لاشے تلک پدر کو صدا لے کے جائے گی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

اُجڑ کے زینبؑ مضطر جو گھر گئی ہوگی
سفر کی خاک کُھلے سر میں بھر گئی ہوگی

سوائے دھول کے کچھ بھی نہ آیا ہوگا نظر
اُجاڑ گھر میں جہاں تک نظر گئی ہوگی

مدینے لوٹ کے دیکھا جو ہوگا صغراؑ کو
لہو سے آنکھ تو زینبؑ کی بھر گئی ہوگی

ہزار سمت سے پتھر برس گئے ہوں گے
جدھر سے زینبؑ مضطر گزر گئی ہوگی

کسی نے بیٹھنے زینبؑ کو کب دیا ہوگا
وہ اُٹھ کے لاش سے شہہؑ کی جدھر گئی ہوگی

Presented by Ziaraat.Com

پسر کے غم میں نہ سینے سے جس کا ہاتھ ہٹے
نہ زندہ ہوگی وہ ماں اور نہ مر گئی ہوگی

جو دانہ دانہ پروئی تھی شاہ نے تسبیح
نہ پوچھیئے کہ وہ کیسے بکھر گئی ہوگی

نویدؔ ہائے وہ ماں جو گئی سرِ دربار
مگر وہ بیٹی کہ جو ننگے سر گئی ہوگی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بچا کے تیروں سے تجھ کو نہ لا سکی زینبؑ
کہاں یہ غم کہ نہ تُربت بنا سکی زینبؑ

میں دیکھتی رہی گردن پہ چل گیا خنجر
نہ تم بُلا سکے بھائی نہ آ سکی زینبؑ

یہ حال کیا ہے کسی نے اگر سوال کیا
جوابِ حال میں بس خاک اُڑا سکی زینبؑ

اُسی کے سینے میں دم تھا اُسی گلے میں تھا زور
جو یاحسینؑ کی آواز اُٹھا سکی زینبؑ

برائے تقویٰ ہے بس یا حسینؑ کی تسبیح
کوئی بتا نہ سکا جو بتا سکی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

خدا کی بات جو تھی بس حسینؑ نے رکھی
جو بات شاہ کی تھی بس بنا سکی زینبؑ

گری جو خاک پہ گھر آ کے صحن میں ہائے
نہ فرشِ خاک سے خود کو اُٹھا سکی زینبؑ

نویدؔ انبیاء اِس کے لیے ہیں شکر گزار
زمیں پہ فرشِ عزا جو بچھا سکی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

درمیاں لاشوں کے مقتل میں کھڑی ہے زینبؑ
اِس اندھیرے میں کسے ڈھونڈ رہی ہے زینبؑ

سب کی نظریں ہیں چمکتے ہوئے خنجر کی طرف
بھائی کا خشک گلا دیکھ رہی ہے زینبؑ

شہہؑ پہ چلتے ہوئے خنجر کو بھلا کیا معلوم
کس طرح خاک پہ غش کھا کے گری ہے زینبؑ

بھائی کو چھوڑ کے مقتل سے ہو رخصت کیسے
لاش سے اُٹھی ہے پھر اُٹھ کے گری ہے زینبؑ

دن کی دھوپ آ کے گئی ، رات کی اوس آ کے گئی
سج رہا ہے ابھی دربار کھڑی ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

تیرے سر سے نہ یہ نکلے گی نکلتے دم تک
تیرے بالوں میں جو یہ خاک پڑی ہے زینبؑ

دیں بچانے کو جو نکلی تھی مدینے سے نویدؔ
بچ گیا دین مگر کیسے لُٹی ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

علیؑ کی بیٹی ہماری خاطر رسن میں بازو بندھا رہی ہے
ردا وہ اپنی لُٹا رہی ہے ہماری حُرمت بچا رہی ہے

ہے جس کے دم سے حسینؑ کا غم ہے جس کے دم سے غموں کا مرہم
وہ سینہ کوبی جو کر رہی ہے وہ غم کی صف جو بچھا رہی ہے

خودی بچانے، خدا بچانے، وراثتِ انبیاء بچانے
کبھی ہے بازار میں کُھلے سر کبھی وہ دربار جا رہی ہے

یہ کیا قیامت ہے ہائے ہائے وہ پشت پر تازیانے کھائے
رہیں ہم آزاد درد و غم سے وہ قیدِ زنداں اُٹھا رہی ہے

گھر اُس کا شعلوں کی زد پہ آئے ہمارے گھر تک نہ آنچ آئے
کہ گھر ہمارے رہیں سلامت بھرا گھر اپنا لُٹا رہی ہے

Presented by Ziaraat.Com

شریکِ کارِ حسینؑ ہے وہ چراغ شہہؑ لَو چراغ کی وہ
دیا جلانے جو آئی تھی وہ دیا جلا کے وہ جا رہی ہے

ہماری کلفت پہ رونے والی ہماری غفلت پہ رونے والی
ہماری حالت پہ رونے والی لہو کے آنسو بہا رہی ہے

وہ آ رہی ہے نویدؔ اب بھی گُلوئے شہؑ سے صدائے زینبؑ
وہ دشتِ کرب و بلا سے ہو کر صدائے ہل من جو آ رہی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

اے نانا تیری امت سے ترا دیں بچا کر لائی ہے
تری بے گھر زینبؑ آئی ہے، بے چادر زینبؑ آئی ہے

پوچھا جو کسی نے زینبؑ سے بھائی ہے کہاں تو زینبؑ نے
اک مٹھی خاک اٹھائی ہے اور خاک ہوا میں اُڑائی ہے

بے جاں حُجرے چُپ دروازے، ساکت پردے، بے جنبش لب
یا گھر میں ہے اک سناٹا یا زینبؑ کی تنہائی ہے

قرآن تھا جو شبیرؑ کا تن مقتل میں سُموں سے روندا گیا
جُزدان تھا جو تن کا کُرتا وہ خون میں ڈوبا لائی ہے

مقتل میں لگی تھی قیمتِ دیں بولی دیتے تھے دشمن دیں
اے نانا میں نے قیمتِ دیں اپنی چادر سے چُکائی ہے

Presented by Ziaraat.Com

تھا کس نے سوار کرایا جب زینبؑ کی سواری نکلی تھی
اے شہرِ مدینہ کہاں ہے وہ زینبؑ کی سواری آئی ہے

اُس چادر سے ہی کعبے کی حُرمت کا بنے گا غلاف نویدؔ
بھائی پر سے صدقہ کرکے جو چادر زینبؑ آئی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

گھر لوٹ کے گھر میں پہلا دیا کس طرح جلا یا زینبؑ نے
بس آہ بھری اور گُھٹ گُھٹ کر بیٹوں کو پکارا زینبؑ نے

پھر کوئی ہُوک اُٹھی دل سے پھر شامِ غریباں یاد آئی
حُجروں میں عونؑ و محمدؑ کے دیکھا جو اندھرا زینبؑ نے

سہ میل پہ مدفن سرور سے مدفن ہے عونؑ و محمدؑ کا
بھائی کے سر سے بیٹوں کا یوں صدقہ اُتارا زینبؑ نے

کس طرح سے زینبؑ اور صغرؑا اک دوسرے کو پہچانے گی
صغرؑا کے بال سفید ہوئے کیا کالا جوڑا زینبؑ نے

اک شور اُٹھا اُجڑے گھر میں ہائے اکبرؑ ہائے اصغرؑ
صغرؑا نے سنبھالا زینبؑ کو صغرؑا کو سنبھالا زینبؑ نے

Presented by Ziaraat.Com

غش آنے سے پہلے دونوں نے اک دوسرے کو بس تھام لیا
صغراؑ نے جو دیکھا زینبؑ کو صغراؑ کو جو دیکھا زینبؑ نے

نبیوں کی وراثت کے وارث کی امانت دار بہن تھی نویدؔ
توحید کے بار کو شانوں پر تنہا ہی اٹھایا زینبؑ نے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بھائیؑ پہ گھر لُٹانے ہمشیر گھر سے نکلی
دینِ محمدیؐ کی تقدیر گھر سے نکلی

وہ جو خدا نے دیکھا وہ جو انبیاء نے دیکھا
وہ جو اوصیاء نے دیکھا وہ جو اولیا نے دیکھا
اس خواب کو بچانے تعبیر گھر سے نکلی

مقتل میں خوں بہے گا جس سر سے وقتِ سجدہ
کٹ جائے گا گلا جو خنجر سے وقتِ سجدہ
بن کر وہ اُس گلے کی تقدیر گھر سے نکلی

صدقہ یہ اک بہن کا تیرے حوالے کعبہ
چاہے تو اِس ردا سے پردہ بنالے کعبہ
اپنی ردا لُٹانے تطہیر گھر سے نکلی

Presented by Ziaraat.Com

تیغوں کی چھاؤں میں وہ حق کی اذان دینے
سینے پہ کھانے نیزہ مقتل میں جان دینے
جیسے نبیؐ تھے ویسی تصویر گھر سے نکلی

امت نے جب بھلا دی اپنے نبیؐ کی سیرت
باطل نے جب بدل دی اسلام کی شریعت
باطل کو زیر کرنے تدبیر گھر سے نکلی

چھوڑا قرآنِ ناطق صامت کا رنگ بدلا
قرآں کے حافظوں نے قرآں کا ڈھنگ بدلا
قرآن کو بچانے تفسیر گھر سے نکلی

یہ ہے نویدؔ جس سے کرب و بلا بنے گی
یہ خاک جس کے دم سے قبلہ نما بنے گی
کرب و بلا بنانے تاثیر گھر سے نکلی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

خود کو سنبھال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں
صدقہ نکال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

چادر چھنے گی جس دم تب کون پاس ہوگا
قیدی بنیں گے جب ہم تب کون پاس ہوگا
مت کر سوال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

مقتل میں کھو نہ جائیں غازی کے بعد بچے
بے حال ہو نہ جائیں غازی کے بعد بچے
رکھنا خیال زینبؑ عباسؑ جارہے ہیں

پردیس میں چھنے گی اب تیرے سر سے چادر
اب بال کھول اپنے اے بی بی اپنے سر پر
لے خاک ڈال زینبؑ عباسؑ جارہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

بچوں کے اب طمانچے اے بیبیوں لگیں گے
شامِ غریباں ہوگی خیمے بھی اب جلیں گے
وقتِ زوال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

شہہؑ رہ گئے ہیں تنہا کوئی نہیں ہے زینبؑ
غازیؑ کے بعد شہہؑ کا کوئی نہیں ہے زینبؑ
شہہؑ کا خیال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

غازیؑ کے گرد پھر کر آنچل کی تو ہوا دے
شانے پہ ہاتھ رکھ کر غازیؑ کو تُو دعا دے
اے پُر جلال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

خیمے میں تھام کے دل پھر آ نہ جائیں سرورؑ
سُن کر یہ بین تیرے غش کھا نہ جائیں سرورؑ
مت ہو نڈھال زینبؑ عباس جا رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

برپا نویدؔ اس دم خیمے میں ہے وہ محشر
زینبؑ سے کہہ رہی ہیں سب بیبیاں لپٹ کر
کیا ہوگا حال زینبؑ عباسؑ جا رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

آ گیا بازارِ شام، آ گیا بازارِ شام
اپنے بابا سے سنا تھا تو نے بی بی جس کا نام

شام کے دربار میں سر ننگے جانا ہے تجھے
اور رسن بستہ وہاں خطبہ سنانا ہے تجھے
تیری ماں نے اس لیے رکھا ہے زینبؑ تیرا نام
آ گیا بازارِ شام آ گیا بازارِ شام

کھاتی ہے پتھر مگر محشر اُٹھاتی ہی نہیں
سر سے بہتا ہے لہو پر، سر اٹھاتی ہی نہیں
لب پہ ہے نادِ علیؑ اور دل میں ہے یادِ امامؑ
آ گیا بازارِ شام، آ گیا بازارِ شام

Presented by Ziaraat.Com

قافلے سے شور جب نزدیک تر ہونے لگا
زرد جب بیمار کا رخ سر بسر ہونے لگا
ہائے فضہ سے کیا زینبؑ نے بس اتنا کلام
آ گیا بازارِ شام، آ گیا بازارِ شام

مریم و سارہ سے افضل اس لیے ہے تیرا نام
مریم و سارہ کی راہوں میں نہ تھا ، بازارِ شام
بے ردائی نے تری تجھ کو دیا ہے یہ مقام
آ گیا بازارِ شام، آ گیا بازارِ شام

روند ڈالا تخت و تاجِ شام کو جس نے نویدؔ
اور زندہ کر دیا اسلام کو جس نے نویدؔ
جس نے سر کی شام کی منزل، اُسے شہہؑ کا سلام
آ گیا بازارِ شام، آ گیا بازارِ شام

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کہا یہ دن نے نکل کر سفر میں ہے زینبؑ
کہا یہ رات نے ڈھل کر سفر میں ہے زینبؑ

ہیں اس کے ہاتھوں میں اک کُرتا اور دو بازو
گلوئے شاہ سے مقتل میں جو بہا تھا لہو
لہو وہ چہرے پر مل کر سفر میں ہے زینبؑ

بندھی ہوئی وہ رسن آج بھی ہے بازو میں
وہ تازیانوں کے نیل آج بھی ہیں پہلو میں
کُھلا ہے آج بھی وہ سر سفر میں ہے زینبؑ

جگر میں تیر جو پیوست تھا جگر میں ہے
پڑی ہوئی ہے جو اب تک وہ خاک سر میں ہے
ابھی تلک یونہی بے گھر سفر میں ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

وہی ہے شام کا بازار اور وہی منظر
برس رہے ہیں سروں پر اسی طرح پتھر
اسی طرح ہے وہ زد پر سفر میں ہے زینبؑ

نہ سر پہ سایہ لیا پھر کبھی حسینؑ کے بعد
نہ ٹھنڈا پانی پیا پھر کبھی حسینؑ کے بعد
ردا نہ اوڑھی کُھلے سر سفر میں ہے زینبؑ

جہاں میں گونجے گی ہل من کی یہ صدا جب تک
رہے گی زینبؑ مضطر بھی بے ردا جب تک
کہ ہے شریکِ برادر سفر میں ہے زینبؑ

یہی دیا ہے اندھیرے میں روشنی کی کرن
ہے اس دیے سے چراغِ حسینیت روشن
دیا جو ہاتھوں میں لے کر سفر میں ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ہوں تخت پر ابو طالبؑ ہو حشر کا میدان
کہ جب تلک نہ رکھی جائے عدل کی میزان
کہ جب تلک نہ ہو محشر سفر میں ہے زینبؑ

صدائے گریہ جو گریہ بڑھا رہی ہے نویدؔ
صدائے ماتمِ سرورؑ جو آرہی ہے نویدؔ
یہ کہہ رہی ہے برابر سفر میں ہے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

رو کے کہہ رہی ہیں ہائے بیبیاں یا علیؑ
بندھ رہی ہیں بازؤں میں رسیاں یا علیؑ

تازیانے اور پشتِ نیک خو، ہائے خاردار طوق اور گلُو
ہنس رہے ہیں دیکھ کر جسے عدو بیبیوں کی آنکھ ہے لہو لہو
پاؤں میں گڑی ہوئی ہیں بیڑیاں یا علیؑ

صدقہ کر کے پھینکتے ہیں اہل شر خرمے ہائے جب نبیؐ کی آل پر
ہائے کیوں نہیں ہے کوئی نوحہ گر پھٹتا کیوں نہیں زمین کا جگر
ٹوٹ گرتا کیوں نہیں یہ آسماں یا علیؑ

کوفیوں کی بے وفائی دیکھ لی شامیوں کی بے حیائی دیکھ لی
رسیوں میں ہر کلائی دیکھ لی بیبیوں کی بے ردائی دیکھ لی
کیوں نہ روئے خون ہائے ساربان یا علیؑ

Presented by Ziaraat.Com

آ گیا کہاں حیا کا قافلہ یاعلیؑ و یاعلیؑ کی ہے صدا
خاک سے ہر ایک سر اُٹھا ہوا بے کجاوہ بے عمامہ بے ردا
ہے اماں میں جن کی رب، ہیں بے اماں یاعلیؑ

راہ میں کہاں اُسے قرار ہے نحیف ہے ضعیف ہے نزار ہے
جس کے ایک ہاتھ میں مہار ہے جو اکیلا سب کا سوگوار ہے
طوق کا یہ وزن اور یہ ناتواں یاعلیؑ

کروٹیں بدل رہی ہے کربلا سینہ سینہ پل رہی ہے کربلا
مشعلوں میں ڈھل رہی ہے کربلا آگے آگے چل رہی ہے کربلا
رکا نہیں ہے آج بھی یہ کارواں یاعلیؑ

سجدے سے اٹھا اب اپنا سر نویدؔ شب گزر چکی ہوئی سحر نویدؔ
گریے میں ہوئی ہے شب بسر نویدؔ ہے تجھے کچھ اس کی بھی خبر نویدؔ
وِرد کر رہی تھی بس یہی زبان یاعلیؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

گزرا تھا بیبیوں کو لے کر کہاں کہاں سے پوچھو نہ سرباں سے
آئے کُھلے سروں پر پتھر کہاں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

یا سیلیاں لگی تھیں یا رسیاں بندھی تھیں
زینبؑ کے بازوؤں پر آئے نشاں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

باندھی گئی تھی بیڑی طوقِ گلو سے کیسے
آتی تھی سانس کیسے کھنچتی تھی جاں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

چلتی تھیں قید ہو کر جُھک جُھک کے بیبیاں کیوں
باندھی گئی سکینہؑ کے ریسماں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

Presented by Ziaraat.Com

لائی تھی جو وطن سے دامن میں پھول زینبؑ
بکھرے وہ پھول کیسے آئی خزاں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

بس دیکھ لو سروں پر یہ خاک رہ گزر کی
کس کا ہے اور چلا تھا یہ کارواں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

ہر لمحہ کربلا ہے ساری زمیں ہے مقتل
آغاز گر کے تو وہ داستاں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

سب پر نویدؔ کی تھی جس بار نے گرانی
وہ بار کھینچ لایا یہ ناتواں کہاں سے
پوچھو نہ سارباں سے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ نے کُھلے سر بھرے بازار کو دیکھا
بیڑی کو کبھی عابدِؑ بیمار کو دیکھا

گھبرا گئی کچھ اور بھی گھبرائی ہوئی شام
دھندلا گئی کچھ اور بھی دھندلائی ہوئی شام
جب خوں میں نہائے ہوئے راہوار کو دیکھا

یہ ہٹتے ہوئے دیکھا ہے محور سے زمیں کو
یا گھوڑے سے گرتے ہوئے دیکھا شہہِ دیں کو
یا گرتے ہوئے کعبے کی دیوار کو دیکھا

وہ جسم تھا تیروں میں کچھ اس طرح ترازو
نیزوں سے شکستہ ہوئے اس طرح وہ پہلو
اس پار کے ہر زخم سے اُس پار کو دیکھا

Presented by Ziaraat.Com

وہ طوق ہو زنجیر ہو زندان کہ دربار
وہ راہ کے پتھر ہوں کہ شام کا بازار
بس شکر کے سجدے ہی میں بیمار کو دیکھا

زینبؑ نے نویدؔ آگ بھڑکتی ہوئی دیکھی
دستار وہ سب خون میں ڈوبی ہوئی دیکھی
پھر ہائے سرِ غازیؑ علمدار کو دیکھا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

جب پتھروں کی زد پہ گرفتار آ گیا
زینبؑ پکاریں شام کا بازار آ گیا

زخموں سے خوں کی دھار بھی ٹھہری نہ تھی ابھی
عابدؑ نے غش سے آنکھ بھی کھولی نہ تھی ابھی
پھر تازیانہ لے کے ستمگار آ گیا

پاؤں دھنسے کہ بیڑیاں خاموش ہوگئیں
اُٹھا وہ شور بیبیاں خاموش ہوگئیں
پھر غش میں ہائے قافلہ سالار آ گیا

گزری جدھر جدھر سے قیامت ہوئی نہ کم
زینبؑ کے سر سے ایک مصیبت ہوئی نہ کم
بازار سے جو نکلی تو دربار آ گیا

Presented by Ziaraat.Com

وہ قہقہے وہ شور وہ تاشے وہ اژدھام
عابدؑ کے لب پہ ہائے کبھی آ گیا جو شام
زینبؑ کو یاد دروں کا آزار آ گیا

اس قافلے نے کیسی مصیبت نہیں سہی
راہوں میں قیدیوں کے لیے دھوپ ہی رہی
کب یہ ہُوا کہ سایۂ دیوار آ گیا

روزِ جزا نویدِ صفِ انبیاء سجی
حق کی صدا پہ اُٹھ گئے تعظیم کو سبھی
جب صبر کے قبیلے کا سردار آ گیا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کہہ دو کوئی ہوا سے خاک اس طرح اُڑائے
کوفے کے شہریوں کو زینبؑ نظر نہ آئے

اب جم چکی سروں پر خیموں کی راکھ اُڑ کر
چادر نہیں سروں پر اب سر ہیں اور پتھر
اِن بیبیوں کے سر سے اب اُٹھ گئے ہیں سائے

سر اپنا چوبِ محمل سے مارتی ہے زینبؑ
بہتا ہے خون سر سے جاں وارتی ہے زینبؑ
نیزے پہ سر جو شہؑ کا محمل کے پاس آئے

بڑھتا ہے جب بھی کوئی خود بڑھ کے ٹوکتی ہے
ہر تازیانہ اپنے ہاتھوں پہ روکتی ہے
فضہ جو اپنے پیچھے زینبؑ کو ہے چھُپائے

Presented by Ziaraat.Com

دیوار و در کو صغراؑ کیا دے جواب آخر
سناٹا پوچھتا ہے کب آئیں گے مسافر
صغراؑ کا حال کیا ہے کیسے کوئی بتائے

بازو بندھا کے اپنے مقتل سے جارہی ہے
ہائے نظر جو اُس کو اک لاش آرہی ہے
کیسے نظر ہٹائے کیسے قدم اُٹھائے

یہ قرض آنسوؤں کا ہائے چُکے تو کیسے
ہے یہ نویدؔ دریا دریا رکے تو کیسے
زینبؑ کی بے ردائی سجادؑ کو رلائے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بھائی سے چھٹ کے بہن شام چلی جائے گی
سنگ کھاتی ہوئی ہر گام چلی جائے گی

اب نہ چادر ہے نہ شبیرؑ نہ بیعت کا سوال
کرکے اِس اُمت مرحومہ سے حرمت کا سوال
مبتلائے غم و آلام چلی جائے گی

استغاثائے گلو گیر کی ہل من کے سوا
دین کچھ بھی نہیں شبیرؑ کی ھل من کے سوا
دے کے امت کو یہ پیغام چلی جائے گی

اپنے بیمار کو دروں کے ستم سہتے ہوئے
دیکھتی جائے گی زخموں سے لہو بہتے ہوئے
خون روتی ہوئی وہ شام چلی جائے گی

Presented by Ziaraat.Com

خیمے سے رخصتِ اکبرؑ کو لیے آنکھوں میں
شہہؑ پہ چلتے ہوئے خنجر کو لیے آنکھوں میں
ساتھ لے کر کئی ہنگام چلی جائے گی

صبح کو اپنے چراغوں سے وہ روشن کرکے
رات کا اپنے ستاروں سے وہ دامن بھر کے
صبح دم آکے سرِ شام چلی جائے گی

جو کسی سے نہ جھکا سر وہ یہ جھکوائے گی
سجدہ آدمؑ کو یہ ابلیس سے کروائے گی
کرکے آغاز کا انجام چلی جائے گی

شام کا ہوش نہ کچھ فکر سحرِ ہوگی اُسے
غم میں اُجڑے ہوئے گھر کی نہ خبر ہوگی اسے
صبح کب آئے گی کب شام چلی جائے گی

Presented by Ziaraat.Com

شہہؑ کی مجلس کا وہ یوں فرش بچھائے گی نویدؔ
خود بھی روئے گی زمانے کو رلائے گی نویدؔ
کرکے اس ذکر کو وہ عام چلی جائیگی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کُھلے سروں سے کسی کو حیا نہیں آئی
کہ سنگ آئے کہیں سے ردا نہیں آئی

اگرچہ ہوتی رہی تجھ پہ سنگ کی بوچھار
وہ راہِ شام ہو بازار ہو کہ ہو دربار
لبوں پہ تیرے مگر کب دعا نہیں آئی

کھڑے ہوئے تھے ستانے کو سب ہی راہوں میں
طمانچے آئے لگانے کو سب ہی راہوں میں
کسی نے حال ہو پوچھا وہ جا نہیں آئی

یہ جان جاتی تو آساں تھا شام کا بازار
جو موت آتی تو آساں تھا شام کا بازار
حیا کے مارے ہوؤں کو قضا نہیں آئی

Presented by Ziaraat.Com

بس ایک چُپ تھی زباں سارے بے زبانوں کی
کہ ہر طرف سے تھی آواز تازیانوں کی
کہ آہ کرنے کی کوئی صدا نہیں آئی

سجے ہوئے تھے ہر اک سر پہ طرّہ و دستار
رسولؐ زادی کُھلے سر تھی اور بھرا دربار
حیا کسی کو مگر اے خدا نہیں آئی

کوئی بتاؤ کے باقی ہے اور کتنا سفر
سکینہؑ پوچھتی تھی سب سے ہر طمانچے پر
وہ راہ جس پہ گھر آتا ہے کیا نہیں آئی

نہ کُھل سکا درِ زنداں گزر گئی وہ نویدؔ
جو بچی قید تھی دَم گُھٹ کے مر گئی وہ نویدؔ
قضا کے آنے سے پہلے ہوا نہیں آئی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

آ گئی شامِ غریباں کہاں جائے زینبؑ
ہُوا پُر ہول بیاباں کہاں جائے زینبؑ

سورۂ حمد کی تمہید جسے تھامے ہے
یہ وہ دامن ہے کہ توحید جسے تھامے ہے
جل رہا ہے وہی داماں کہاں جائے زینبؑ

جو تبرک ہے وراثت ہے ابو طالب کی
وہ جو ترکہ ہے امانت ہے ابو طالب کی
لُٹ رہا ہے وہی ساماں کہاں جائے زینبؑ

اور ہی رنگ تھا جنگل میں جب آئی تھی یہاں
پھول ہی پھول تھے آنچل میں جب آئی تھی یہاں
ہائے اب خاک بہ داماں کہاں جائے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

سب سے زینبؑ کو جو پیارا تھا وہ بھائی نہ بچا
رہ گئی عونؑ و محمدؑ کو بھی وہ کرکے فدا
کرنے اس درد کا داماں کہاں جائے زینبؑ

نیزے ہاتھوں میں لیے گھر میں دَر آئے ہیں عدو
آگ خیموں میں ہے اور خیموں کو گھیرے ہیں عدو
بول خاموشیِ یزداں کہاں جائے زینبؑ

مانگتی ہے وہ قضا پر نہ قضا آتی ہے
گر سکینہؑ کو بچائے تو ردا جاتی ہے
ایسے عالم میں پریشاں کہاں جائے زینبؑ

خاک پر گرتا ہے کوئی ، کوئی غش کھاتا ہے
کوئی بچہ کہیں شعلوں میں گھرا جاتا ہے
ایک ہے سب کی نگہباں کہاں جائے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ہائے یہ شامِ غریباں کہاں لے آئی نویدؔ
شب کا سناٹا ہے زینبؑ کی ہے تنہائی نویدؔ
کہنے کو حالِ پریشاں کہاں جائے زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

لاشہ مرے بھائی کا بکھرا ہے سرِ مقتل
ہر سمت درندے ہیں اور گونجتا ہے جنگل

جانے کی ہے تیاری مقتل سے سُوئے زنداں
ہیں طوق کے لنگر سے عابدؑ کے قدم لرزاں
ہے دور تلک صحرا اور سر پہ نہیں بادل

بس دھوپ ہی دیکھی ہے دیکھی نہ کہیں چھاؤں
رِستا ہے لہو اِن سے کیسے ہیں ترے پاؤں
شل ہوتی ہے زنجیریں پاؤں نہیں ہوتے شَل

بابا کو سرِ مقتل سوتے ہوئے دیکھا ہے
پھوپھیوں کو برہنہ سر ہوتے ہوئے دیکھا ہے
اس صبر کی منزل میں نبیوں سے ہے وہ افضل

Presented by Ziaraat.Com

بیٹھے تو اُٹھے کیسے اُٹھے تو چلے کیسے
باندھا ہے لعینوں نے بچی کا گلا ایسے
جب بیبیاں اُٹھتی ہیں ہو جاتی ہے وہ بے کل

کھاتی ہے نہ پیتی ہے، روتی ہے نہ سوتی ہے
جینے کی بھلا یہ بھی صورت کوئی ہوتی ہے
بس منہ تکے جاتی ہے اک ایک کا وہ ہر پل

جتنے تھے بڑے گھر کے سب کی وہ دلاری تھی
شبیرؑ کے بعد عابدؑ کو سب سے جو پیاری تھی
دفن اس کو کیا لیکن ماتھے پہ نہ آیا بل

آیا ہے یہ سر کس کا زنداں میں نویدؔ آخر
شور اُٹھا ہے یہ کیسا زنداں میں نویدؔ آخر
دم کس نے یہ توڑا ہے زندان میں ہے ہلچل

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بازار کے منظر کو اور اپنے کھلے سر کو بھولی نہیں میں
اپنے بندھے ہاتھوں کو بیمار کے زیور کو بھولی نہیں میں

اٹھتی ہوئی آندھی کو وحشت کو بیاباں کو
چھپتے ہوئے سورج کو ، تاریکی کو میداں کو
چلتے ہوئے خنجر کو نیزے پہ ترے سر کو ،بھولی نہیں میں

لہراتے ہوئے نیزہ ہائے شمر کا وہ بڑھنا
آ آکے مرے پیچھے ہر بی بی کا وہ چھپنا
شعلوں میں گھرے گھر کو چھنتی ہوئی چادر کو،بھولی نہیں میں

جس رات میں تنہا تھی،اُس رات کے ڈھلنے کو
ٹوٹے ہوئے نیزے کو، اُس رات کے پہرے کو
بچوں کے سسکنے کو اور راکھ کے بستر کو ،بھولی نہیں میں

Presented by Ziaraat.Com

یاد آتا ہے اک ماں کا وہ خاک میں دھنس جانا
اور آگ کے شعلوں میں اک ماں کا جھلس جانا
جلتے ہوئے جھولے سے لپٹی ہوئی مادر کو، بھولی نہیں میں

اُن شام کی گلیوں کو جن سے کُھلے سر گزرے
جس دَر سے گُزرنے میں تھے سولا پہر گزرے
دربار کے اُس دَر کو اور شامیوں کے شر کو، بھولی نہیں میں

فضہ کو مرا بھائی ماں کہہ کہ بلاتا تھا
دم اس کا مرے بھائی کے نام پہ جاتا تھا
رتبے میں جو ماں بن کر آئی اُسی مادر کو، بھولی نہیں میں

معصوم سکینہؑ کو بڑھتے ہوئے نیزوں کو
رستے ہوئے گالوں کو، بے رحم طمانچوں کو
رستے ہوئے کانوں کو کھینچتے ہوئے گوہر کو، بھولی نہیں میں

Presented by Ziaraat.Com

اک چاند تھا بدلی میں چھپتا تھا نکلتا تھا
پردہ درِ خیمہ کا اُٹھتا کبھی گرتا تھا
وہ خیمۂ لیلیٰؑ سے ہائے رخصتِ اکبرؑ کو، بھولی نہیں میں

ہے آج بھی وہ گریہ ہے آج بھی وہ زاری
ہے آج بھی پتھر کے سینے سے لہو جاری
روتے ہوئے پتھر کو پتھر پہ رکھے سر کو، بھولی نہیں میں

آتی ہے نویدؔ اب بھی آواز یہ زینبؑ کی
ہے مجھ کو قسم صدیوں سے سوکھے ہوئے لب کی
پیاسے علی اصغرؑ کو سوکھے ہوئے ساغر کو، بھولی نہیں میں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ہائے صغرا کے لیے گردِ سفر لیجائیگی
پاس زینبؑ کے بچا کیا ہے جو گھر لے جائے گی

دم رکا جاتا ہے سینے میں کہ اکبرؑ کی جگہ
کیسے وہ اکبرؑ کے مرنے کی خبر لیجائیگی

خاک پر جس دم گرے گی کہہ کے زینبؑ یا حسینؑ
یہ صدا تو ہائے صغرا کا جگر لیجائیگی

لاشۂ شہہؑ سے اُٹھا کر خود کو وہ سوئے قفس
کس طرح لیجائیگی یارب مگر لیجائیگی

کچھ نہ لے جائیگی وہ پیشِ خدا محشر کے روز
ہاں بس اک کُرتا ہے جو وہ خوں میں تر لیجائیگی

Presented by Ziaraat.Com

کیا ملا فضہ کو زہراؑ کو دکھانے کے لیے
تازیانوں کے نشاں بس پشت پر لیجائیگی

گھر جلا کیسے یہ صغراؑ کو دکھانے کیلئے
اک مٹھی راکھ کی صورت میں گھر لیجائیگی

جس جگہ تعویز تھا رسی بندھی کیسے نویدؔ
نیل کی صورت میں رودادِ سفر لیجائیگی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کا سر برہنہ بازارِ شام آنا
سادات کیسے بھولیں اُمت کا تازیانہ

احسان ہے خدا پر احسان انبیاء پر
اپنی ردا لٹا کر توحید کا بچانا

ہاتھوں میں رسیاں تھیں رسی میں بیبیاں تھیں
ہائے وہ بیبیوںؑ کا بالوں سے منہ چھپانا

پینے کو پیاس تھی بس کھانے کو بھوک تھی بس
زنداں میں قیدیوں کا بس یہ تھا آب و دانہ

زندان میں سکینہؑ کا تھا یہی قرینہ
کھانا طمانچے رونا رونا طمانچے کھانا

Presented by Ziaraat.Com

بچوں کو شامیوں کا راہوں میں ظالموں کا
پانی دِکھا دکھا کر وہ خاک پر بہانا

سمجھے نویدؔ اب کچھ یہ وقت ہی ہے سب کچھ
سمٹے تو کربلا ہے پھیلے تو ہے زمانہ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کی ردا کے سائے میں غازیؑ نے علم لہرایا ہے
صدقے کیلئے ہر بی بی نے اپنا آنچل بندھوایا ہے

زینبؑ کی انگلی تھام کے ہی غازیؑ نے چلنا سیکھا ہے
زینبؑ کی اجازت سے ہی قدم سوئے میدان اٹھایا ہے

سورج بن کر اِس چاند کو بھی اپنی آغوش میں پالا ہے
اپنے سائے میں زینبؑ نے عباسؑ کو غازیؑ بنایا ہے

شہہ نے تو علم دیکر اسکو سردار کیا تھا لشکر کا
شانوں کو کٹا کر غازیؑ نے زینبؑ کا مان بڑھایا ہے

اُس رات ٹہل کر غازیؑ نے عاشور کی شب کو صُبح کیا
شب بھر زینبؑ نے اشکوں سے غازی کے علم کو سجایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

زینبؑ سے ملی ہے سرداری سرورؑ سے ملی ہے علمداری
زینبؑ سے اجازت مانگی ہے سرورؑ سے علم جب پایا ہے

لاکھوں ہی لگیں گے تیر مگر یہ داغ نہ جائیگا دل سے
بتیس برس کے بھائی کا دل پر جو داغ اُٹھایا ہے

رخصت ہوا شہؑ سے وہ بھائی شبیرؑ پناہ میں تھے جس کی
اب شاہؑ کے سر پر محشر تک بس اک غربت کا سایہ ہے

اسکے بازو کی قتاطوں میں توحید سلامت ہے ہر دم
جس نے شانوں کو کٹایا ہے جس نے یہ دین بچایا ہے

محسوس ہوا ہے بس اُس کو یہ عرش بریں ہے زیرِ قدم
جس نے بھی اپنے شانوں پر غازیؑ کے علم کو اٹھایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

سیراب یہ جس کے صدقے میں مخلوقِ خدا ہوتی ہے نویدؔ
یہ ساری سبیلیں ہیں اس کی جس نے دریا ٹھکرایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کس نے یہ دیں بچایا زینبؑ کی بات ہوگی
کس نے ہے گھر لٹایا زینبؑ کی بات ہوگی

سایہ ہے کس ردا کا جس سے یہ زندگی ہے
کس در کا یہ دیا ہے جس سے یہ روشنی ہے
کس نے دیا جلایا زینبؑ کی بات ہوگی

اپنے قدم سے بدلا عباسؑ کے قدم کو
گرنے دیا نہ کس نے میدان میں علم کو
کس نے علم اٹھایا زینبؑ کی بات ہوگی

بھائی پہ کرکے صدقہ کس نے ردا لُٹائی
کعبے یہ تیری حرمت کس نے بتا بچائی
کس نے غلاف اُڑھایا زینبؑ کی بات ہوگی

Presented by Ziaraat.Com

کوئی بتاؤ کوئی کیا جانتا خدا کو
توحید کو بچا کر بے آسرا خدا کو
کس نے خدا بنایا زینبؑ کی بات ہوگی

ہل من کا بوجھ جس کے کاندھوں پہ آج بھی ہے
کرب و بلا یہ جس کے شانوں پہ آج بھی ہے
کس نے یہ بار اُٹھایا زینبؑ کی بات ہوگی

کس کا یہ مرتبہ ہے یہ حوصلہ ہے آخر
کرب و بلا کو زندہ کس نے رکھا ہے آخر
کس نے علم سجایا زینبؑ کی بات ہوگی

ہر کوئی جانتا ہے کس نے خدا کو پایا
ہر کوئی مانتا ہے کس نے خدا کو پایا
کس کو خدا نے پایا زینبؑ کی بات ہوگی

Presented by Ziaraat.Com

ہونٹوں پہ اولیا کے ہے جو نویدؔ نوحہ
ہونٹوں پہ انبیاء کے ہے جو نویدؔ نوحہ
کس نے ہے یہ لکھایا زینبؑ کی کی بات ہوگی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

قل ھُو اللہ ھُو احد زینبؑ کبراؑ مدد
نفسِ اللہ ھوالصمد زینبِؑ کبراؑ مدد

جب اندھیرا شام کا پردیس میں چھانے لگا
جب سرِ شبیرؑ نیزے پر نظر آنے لگا
غش سے آنکھیں کھول کر سجادؑ نے اتنا کہا

چل رہی تھیں آندھیاں اور آسماں سب سرخ تھا
ہائے خنجر کے تلے تھا جس گھڑی شہہؑ کا گلا
دے رہی تھی یہ صدا شعلوں میں گھر کر کربلا

چھاگئی جب کربلا میں شام کی ہر سُوگھٹا
چاند سے سینے میں ہائے جس گھڑی نیزہ لگا
گر کے گھوڑے سے علیؑ اکبرؑ نے دی اُس دم صدا

Presented by Ziaraat.Com

چُھو رہا تھا آسماں کو جلتے خیموں کا دھواں
گھر گئی تھیں آگ کے شعلوں میں جس دم بیبیاں
ہر طرف سے عصر کا ہنگام دیتا تھا صدا

کٹ گئے بازو مگر چھوڑا نہ اُس نے حوصلہ
تیر جب اک آن کر مشکِ سکینہؑ پر لگا
تھام کر دل ہائے غازیؑ نے فقط اتنا کہا

نامِ زینبؑ جب کوئی لے اشک برساؤں نویدؔ
بس اِسی نوحے کو ساری عمر دہراؤں نویدؔ
مرتے دم بھی بس رہے میرے لبوں پر یہ صدا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

آنکھ والے میں نے تیری کبریائی دیکھ لی
کس طرح تو نے حرم کی بے ردائی دیکھ لی

وہ تو بس شبیرؑ ہے جس نے پیالہ بھر دیا
میں نے اے تشنہ لہو تیری گدائی دیکھ لی

اے خدا پچھتے ہوئے کیا تو نے دیکھا تو بتا
میں نے تو لٹتے ہوئے شہؑ کی کمائی دیکھ لی

جس کے اک سجدے نے تجھ تنہا کو یکتا کردیا
جو بڑا ہے اس کے سجدے کی بڑائی دیکھ لی

یوسف و یعقوب کا قصہ سنانے والے دیکھ
دیکھ صغراؑ نے جو اکبرؑ کی جدائی دیکھ لی

Presented by Ziaraat.Com

اے نویدؔ اب خود کو کر لے خود فراموشی میں گم
خود نمائی میں تو تُو نے جگ ہنسائی دیکھ لی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

نہ پوچھ کرب و بلا کس طرح بسائی گئی
فلک ردا سے لہو سے زمیں بنائی گئی

سجا دیا گیا ہر ایک اشک عابدؑ کا
ردائے عرش ستاروں سے جب سجائی گئی

گھٹا ہے شام کے زنداں میں دم سکینہؑ کا
کسے خبر یہ ہوا کس طرح چلائی گئی

بھری ہے مشکِ سکینہؑ سے پیاس اصغرؑ کی
سبیل پانی کی یہ کس طرح لگائی گئی

وہ اک دیا شبِ عاشور جو بجھایا گیا
اُسی کے صدقے میں یہ روشنی بنائی گئی

Presented by Ziaraat.Com

کسے خبر سرِ زینبؑ سے لی گئی چادر
احد کے پردے میں توحید جب چھپائی گئی

قسم ہے عصر کی ھل من سے لی گئی آواز
صدائے کن جو بہ روزِ ازل لگائی گئی

یہ نوحہ تب کہیں جا کر ہوا سپردِ قلم
نویدؔ آنکھ سے جب جوئے خوں بہائی گئی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

میلا لگانے والوں زینبؑ اجڑ گئی ہے
خوشیاں منانے والوں زینبؑ اجڑ گئی ہے

برسانے قیدیوں پر تم پھول کیوں یہ آئے
اے سنگ لانے والوں زینبؑ اجڑ گئی ہے

پہلے ہی قیدیوں کے پیروں میں آبلے ہیں
کانٹے بچھانے والوں زینبؑ اُجر گئی ہے

پہلے ہی قیدیوں کے سینے دکھے ہوئے ہیں
ہنس کر رلانے والوں زینبؑ اجڑ گئی ہے

زنجیر کا یہ ماتم پرسہ ہے سیدہؑ کا
فتوے لگانے والو زینبؑ اُجڑ گئی ہے

Presented by Ziaraat.Com

حج کرکے حاجیوں نے مارا ہے شاہ دیں کو
کعبے کے ڈھانے والو زینبؑ اجڑ گئی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ سے لینے آیا اجازت جو باوفا
سر اپنا پائے زینبؑ مضطر پہ رکھ دیا
تھامے ہوئے کمر کو یہ بولے شہِ ہُدا
اُٹھو بہن کہ پھول سے خوشبو ہوئی جدا
اب کھولو سر کے بال کہ ماتم کرو بپا
پکڑے ہوئے جگر کو اُٹھی بنتِ مرتضیٰ
اور دونوں ہاتھ تھام کے غازیؑ سے یہ کہا

عباسؑ ترے ہاتھ مرے سر کی ہیں ردا اے شیر تو نہ جا
یہ ہاتھ کٹ گئے تو کرونگی ردا کا کیا اے شیر تو نا جا

کون آئے گا بچانے کو تیروں سے بھائی کو
خنجر چلے گا جب تو کسے دونگی میں صدا

Presented by Ziaraat.Com

نیزہ ہر ایک ہاتھ میں ہوگا بوقتِ شام
کس کس سے اپنے سر کی بچاؤنگی میں ردا

اُس وقت کیا کرونگی جو پیاسی سکینہؑ کو
پانی دکھا دکھا کے بہائیں گے اشقیا

بھائی ہے تو کسی کا علم اور کسی کی آس
بھائی ہے میرے واسطے تو سایۂ خدا

بھائی یہ ترے ہاتھ حرم کی قنات ہیں
پردے کی ابتداء ہیں یہ پردے کی انتہاء

آئے گا خوں میں ڈوبا ہوا جب علم نویدؔ
خیمے کے در پہ گونج رہی ہوگی یہ صدا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

جب گیارہ محرم کی ہوئی صبح نمودار
اور قافلہ چلنے کیلئے ہوگیا تیار
لاشِ شہہِ والا کے قریں آئی وہ لاچار
پھر لاش سے پتھر وہ ہٹانے لگی زنہار
گویا ہوئی پھر لاشے سے اس طرح وہ اک بار
سنتے ہو صدا کیا میرے بھائی میرے غمخوار
میں لُٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

خیمے جلے سامان لٹا چھن گئی چادر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

یہ دیکھو رسن ہاتھوں میں ہے خاک ہے سر پر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

Presented by Ziaraat.Com

دامن میں مرے پھول تھے جب نکلی تھی گھر سے کیا کیا گل تر تھے
آئی تھی جو صحرا میں تو تھا میرا بھرا گھر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

آ آ کے درِ خیمہ پہ اکبرؑ کا پلٹنا،وہ پردے کا گرنا
بھولوں گی نہ وہ خیمے سے میں رخصتِ اکبرؑ
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

بھولوں گی نہ میں حشر تلک حشر کا منظر جب چلتا تھا خنجر
دل تھام کے بس رہ گئی میں خیمے کے در پر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

وہ شامِ غریباں میں قیامت جو مچی تھی،میں دیکھ رہی تھی
کانوں سے سکینہؑ کے جو کھینچے گئے گوہر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

Presented by Ziaraat.Com

پوچھے گی جو صغراؑ تمہیں کیا اُس سے کہوں گی، غم کیسے سہوں گی
لاشے پہ گری کہتے ہوئے زینبؑ مضطر
میں لٹ گئی بھائی میں لٹ گئی بھائی

جب آگ لگی خیموں میں در آئے تھے شعلے باہر تھے درندے
گھبرا کے وہ خیموں سے حرم نکلے تھے باہر
لگتا ہے کہ زینبؑ ہے نوید آج بھی گریاں گو ہوگئیں صدیاں
ہے آج بھی نوحہ یہی زینبؑ کے لبوں پر

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ہے کون تیروں کے سوا لاشہ اُٹھانے کے لیے
ہے کون زینبؑ کے سوا یاں خاک اُڑانے کے لیے

کوئی کہو یہ پاؤں ہیں کیا ٹھوکروں کے واسطے
کوئی کہو بازو ہیں یہ کیا رسیوں کے واسطے
کوئی کہو یہ پشت ہے کیا تازیانے کے لیے

جب ایک سر نیزے پہ تھا تھی اک ردا نیزے پہ جب
تب شمر نے زینبؑ سے یہ پوچھا کہ تیرے پاس اب
ہے کیا بچانے کے لیے ہے کیا لٹانے کے لیے

کوئی کہو یہ خار ہیں اس پیرھن کے واسطے
کوئی کہو تیر و تبر ہیں اس بدن کے واسطے
کوئی کہو ہے یہ گلہ خنجر چلانے کے لیے

Presented by Ziaraat.Com

فتحِ احد کے واسطے کیا آئی تھی یہ ذوالفقار
دیں کی مدد کے واسطے کیا آئی تھی یہ ذوالفقار
یا اے علیؑ اصغرؑ تیری تربت بنانے کے لیے

مقتل ہو یا زندان یا یہ راہ کا آزار ہو
یا دھوپ ہو یا اوس ہو یا شام کا بازار ہو
ہے پیاس پینے کے لیے اور بھوک کھانے کے لیے

تیری ریاضت اور کیا یا سیدہؑ یا فاطمہؑ
ہے ایک سر اور اک ردا یا سیدہؑ یا فاطمہ
ہے سرکٹانے کے لیے چادر لٹانے کے لیے

کوئی کہو جب راہ میں سالار کھا جاتا ہے غش
کوئی کہو جب راہ میں بیمار کھا جاتا ہے غش
کیا تازیانے ہیں اُسے غش سے جگانے کے لیے

Presented by Ziaraat.Com

مجھ کو ملی ہے آنکھ یہ شبیرؑ کے غم کو نوید
مجھ کو ملے ہیں ہاتھ یہ زینبؑ کے ماتم کو نوید
مجھ کو ملی ہے یہ زباں نوحہ سنانے کے لیے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

اے نانا زینبؑ کے لیے بازارِ شام سجایا ہے
سورج نے کبھی دیکھا نہ جسے بازار اُسے دکھلایا ہے

قائم ہے رسالتِ اے نانا قائم ہے ولایت اے نانا
قائم ہے امامت اے نانا قائم ہے ہدایت اے نانا
اسلام کے سر پر محشر تک زینبؑ کی ردا کا سایہ ہے

پوچھو تو بقا سے یہ پوچھو پوچھو تو فنا سے یہ پوچھو
پوچھو تو خدا سے یہ پوچھو زینبؑ کی ردا سے یہ پوچھو
ہے کیا جو اس نے لٹایا ہے ہے کیا جو اُس نے بچایا ہے

میں ابراہیمؑ کا خطبہ ہوں میں نوحؑ کے سیل کا لہجہ ہوں
اسے علم نہیں ہے میں کیا ہوں میں فخرِ ہیبتِ موسیٰؑ ہو
فرعونِ عصر نے خود مجھ کو اپنے دربار بلایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

زینبؑ نے اپنے نوحوں سے زینبؑ نے اپنے اشکوں سے
زینبؑ نے اپنے ماتم سے زینبؑ نے اپنی آہوں سے
مجلس کا فرش بچھایا ہے اس فرش کو عرش بنایا ہے

بھائی کا لہو اور میری رِدا اس میں ہی چُھپا ہے رازِ خدا
ہے کس کو خبر ہے کس کو پتہ جانے یہ بقا جانے یہ فنا
کیوں چادر میں نے لٹائی ہے کیوں بھائی نے سر کٹوایا ہے

عزم و جبل جب گھیرے تھے توحید کو شام کے مقتل میں
خنجر سے اُٹھی تھی چنگاری جب آگ لگی تھی جنگل میں
اس وقت کہو کس نے آ کر توحید کا بار اٹھایا ہے

کردار پہ نویدؔ اُس کے سجدہ تازہ کیا جس نے ہر نوحہ
نفسوں کو کیا جس نے طاہر سینے میں اتاری کرب و بلا
نوحے کا سبق ہے جس نے دیا یہ ماتم جس نے سکھایا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

میرے بابا کے جو گلے میں بندھیں
میرے بازو میں رسیاں ہیں وہی
میری ماں کو جو لے گئی دربار
میرے حصے میں پیشیاں ہیں وہی

میری ماں پر جو غم پڑے لوگوں
دن پہ پڑتے تو رات ہو جاتے
میں ہوں مظلوم باپ کی زینت
مجھ پہ بھی ہائے سختیاں ہیں وہی

واں بٹھایا تھا پہرہ رونے پر
ماں کو رونے دیا نہ جی بھر کر
سُن سکو تو ہماری زنداں میں
ڈوبی ڈوبی سی سسکیاں ہیں وہی

Presented by Ziaraat.Com

جس طرح سے مِرے گھرانے میں
مرد جتنے ہیں سب محمدؐ ہیں
اس طرح جو میرے گھرانے کی
فاطمہؑ ہیں جو بیبیاں ہیں وہی

کربلا سے پھرے ہوئے ہیں جو
وہ کہیں ہو رہیں گے خانہ بدوش
جا رہے ہیں جو سوئے کرب و بلا
اصل میں صرف کارواں ہیں وہی

کس کو معلوم ہے بجائے فقیر
طوق و بیڑی ہے نسبتِ سجادؑ
فقر کو بخش دی گئیں ہیں جو
یہ وہی طوق بیڑیاں ہیں وہی

Presented by Ziaraat.Com

جن کے دل میں ہے کربلا کا وجود
جن کا سینہ ہے شام کا زنداں
جن کی آنکھوں میں اشک رہتے ہیں
وہی محرم ہیں رازداں ہیں وہی

دور محراب سے نویدؔ نکل
کر محمدؐ کی آلؑ کا ماتم
ہیں وہی سجدہ و رکوع و قیام
ہیں اقامت وہی اذاں ہیں وہی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

پال کر زینبؑ نے سب کو کربلا تیار کی
دیں کی حُرمت پر لُٹانے کو ردا تیار کی

وہ صدا نکلی دلِ زینبؑ سے بن کر یا حسینؑ
دے کے سر شہہؑ نے جو ھل من کی صدا تیار کی

ہاں یہی زینبؑ ہے جس نے ایک سائے کی طرح
پشت پہ بھائی کے رہ کر کربلا تیار کی

آ گیا اس میں سمٹ کر سرِ رمزِ لاالہٰ
یا حسینا کی جو زینبؑ نے صدا تیار کی

ہو سلام اُس پر کہ جس نے خوں کا نذرانہ دیا
اُمتوں کے واسطے خاکِ شفاء تیار کی

Presented by Ziaraat.Com

خوں بہا اُس ماں سے پوچھو اُس کی وارث ہے وہی
جس نے بیٹے کی شہادت کو قباء تیار کی

لا الہٰ کو جس نے سرنامہ بنایا اے نویدؔ
جس نے اپنے خون سے کُن کی بناء تیار کی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

مجھ سے لوگوں علیؑ کا بدلہ لو وہ ہے زینبؑ نبیؐ کی بیٹی ہے
کلمہ پڑھ پڑھ کے سنگ مارو مجھے یہ رقیہ علیؑ کی بیٹی ہے

کھو لو زینبؑ کے بازوؤں سے رسن
رسیوں سے مرا گلا باندھو
جس کو گلیوں میں تم نے کھینچا ہے
ظالموں یہ اُسی کی بیٹی ہے

ہے ہُبل کا جو توڑنے والا
اور گرائے ہیں جس نے لات و منات
جس سے عُزّح کا بدلہ لینا ہے
یہ یتیمہ اُسی کی بیٹی ہے

Presented by Ziaraat.Com

جس نے آزاد قیدیوں کو کیا
اُس کی بیٹی کو قید کر لو تم
جس کا احسان کائنات پہ ہے
ہاں یہی اُس سخی کی بیٹی ہے

غازی عباسؑ کی بہن ہے یہ
سنگ برساؤ یا ردا کھینچو
اس کو زندہ زمیں میں گڑنا ہے
یہ خدا کے ولی کی بیٹی ہے

تازیانوں کی زد پہ جب آئی
یہ کہا اُس نے شامیوں سے نویدؔ
جس پہ تم نے ستم کی حد توڑی
جان لو یہ اُسی کی بیٹی ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ جدھر خدا تھا اُدھر دیکھتی رہی
کٹتے ہوئے حسینؑ کا سر دیکھتی رہی

سر کھولے دیکھتی رہی جاتے حسینؑ کو
جتنی بھی دور اُس کی نظر دیکھتی رہی

خوں ہوتے دیکھتی رہی سایہ حسینؑ کا
اُٹھتے ہوئے لہو میں بھنور دیکھتی رہی

چلتا رہا نشیب میں خنجر حسینؑ پر
خنجر کو دیکھ اپنا جگر دیکھتی رہی

بہہ بہہ کے لکھ رہا ہے لہو حرفِ لاالٰہ
بہتے ہوئے لہو کا اثر دیکھتی رہی

Presented by Ziaraat.Com

تھی ہر طرف سے تیروں کی بارش حسینؑ پر
تھے ہر طرف بگولے جدھر دیکھتی رہی

خنجر تھا ہائے حافظِ صامت کے ہاتھ میں
ناطق کو ہائے خون میں تر دیکھتی رہی

لگتا ہے انتظار تھا جس کا وہ آ گیا
کیوں آنکھ شہہ کی خیمے کا در دیکھتی رہی

یا دیکھتی رہی وہ برستا ہوا لہو
یا شعلوں میں گھرا ہوا گھر دیکھتی رہی

مصروفِ سیرِ عرش رہا میں جہاں نویدؔ
اِک خلق مجھ کو خاک بسر دیکھتی رہی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ
چھوڑ کر بے کفن تیرا لاشہ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

دھوپ کے دشت میں ہائے تنہا
چھوڑ کر خاک پر یہ جنازہ
قید میں کیسے جائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

گھر لُٹائے کہ چادر لُٹائے
قید ہو جائے یا خاک اُڑائے
بھائی ایسا نہ پائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

خون روئے گی آہیں بھرے گی
اب یہیں شہؑ کی مجلس کرے گی
روئے گی اور رلائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

شہؑ کے پیاسوں کو پانی پلانے
بیٹھ کر قبرِ شہؑ کے سرہانے
عمر بھر خاک اُڑائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

روز پھول آنسوؤں کے چڑھانے
اِک دیا ہر لحد کے سرہانے
خوں سے اپنے جلائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

خود تو قیدِ بلا میں رہے گی
جاں مگر کربلا میں رہے گی
جائے گی پر نہ جائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

ہوگا شام و سحر ہو گا ماتم
شہؑ نہ ہوں گے مگر ہوگا ماتم
پھر سے بستی بسائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

بھائی اُسکا یہیں پر چھٹا ہے
گھر بھی اُسکا یہیں پر لُٹا ہے
اب یہیں گھر بنائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

بس نویدؔ اب تو جانے ہے بیٹھی
لاشِ شہؑ کے سرہانے ہے بیٹھی
کیسے خود کو اُٹھائے گی زینبؑ
کربلا سے نہ جائے گی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کی دہائی تھی میں لٹ جاؤں گی بھیا، مانجائے رے بھیا
مت جاؤ کہ پھر تم کو کہاں پاؤں گی بھیا مانجائے رے بھیا

تم خاک پہ سوؤ گے گلا اپنا کٹا کر، اسلام بچا کر
میں خاک اُڑاؤں گی جہاں جاؤنگی بھیا۔ مانجائے رے بھیا

جو شامِ غریباں میں پڑی سر پر بکھر کے، نکلے گی نہ سر سے
میں راکھ کُھلے سر میں وہ لے جاؤں گی بھیا، مانجائے رے بھیا

اب ہائے وہ اصغرؑ کا ہمکنا بھی نہیں ہے، جھولا بھی نہیں ہے
بتلاؤ کہ دل کس طرح بہلاؤں گی بھیا، مانجائے رے بھیا

گھر کھانے کو آئے گا جو گھر جاؤں گی بھیا، گھبراؤں گی بھیا
زنداں سے نکل کر میں کدھر جاؤں گی بھیا، مانجائے رے بھیا

Presented by Ziaraat.Com

گھر گھر میں تیرے نام کی مجلس میں کروں گی، جب تک بھی جیوں گی
پانی میں ہر اک پیاسے کو پلواؤں گی بھیا، ماں جائے رے بھیا

جاں سے نہ گزر جائے وہ سُن کر ترا احوال، لاشہ ہوا پامال
صغرٰا کو میں کس طرح یہ بتلاؤں گی بھیا، ماں جائے رے بھیا

کہہ کہہ کے نوید آج بھی روتی ہے وہ دکھیا، ہے ہے میرے بھیا
نیزے پہ وہ سر بھول نہیں پاؤں گی بھیا، ماں جائے رے بھیا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

گلے پہ تیرے جو خنجر رکا نہ ہائے حسینؑ
تڑپ کے خیمے سے زینبؑ نکل نہ آئے حسینؑ

مجھے بتاؤ کہ نانا کا دیں بچانے کو
ردا بھی دے چکی امت کے بخشوانے کو
بہن کے پاس بچا کیا ہے جو لُٹائے حسینؑ

خدا کی بات بنانے کو سر دیا تم نے
مرے حوالے یہ کارِ خدا کیا تم نے
دعا کرو یہ بہن کامیاب آئے حسینؑ

بہن رضا کی بھی اکبرؑ کی بھی ہے پیشِ نظر
بہن کے سامنے بھائی کا سر کٹے نہ مگر
کسی بہن کو یہ صدمہ ملے نہ ہائے حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

حسینؑ دین محمدؐ ہے دیں پناہ ہے گر
لہو حسینؑ کا بنیادِ لا الٰہ ہے گر
یہ لا الٰہ کا کلمہ ہے کیا بنائے حسینؑ

جو گوسفند ہو قرباں بجائے اسمعیلؑ
مرا سوال یہ تجھ سے ہے اے خدائے خلیل
کوئی بھی آیا نہ خنجر تلے بجائے حسینؑ

نہ اتنی دور ہو مقتل سے ہائے خیمے کا در
کہ دیکھتی ہو بہن بھائی پر چلے خنجر
کہ آ نہ پائے بہن اور بُلا نہ پائے حسینؑ

لرز رہی تھی زمیں چل رہی تھی جب آندھی
کٹے گلے سے صدا آ رہی تھی ہل من کی
صدا تھی یا لک لبیک یا صدائے حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

نویدؔ اُسی کی ہے پھر ساری کار فرمائی
نویدؔ میں یہ کہوں گا وہ ہے تماشائی
اگر خدا کو کہے کوئی ہے جُدائے حسینؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

زینبؑ کو اجڑنے کا سماں یاد رہے گا
جلتے ہوئے خیموں کا دھواں یاد رہے گا

خیموں میں لگاتار وہ اُن تیروں کا آنا
بھولے گی نہ جھولے سے وہ اصغرؑ کا گرانا
جانا علی اصغرؑ کا جہاں یاد رہے گا

اُس شام کی سرخی کو نہ بھولے گی کبھی وہ
اُٹھتی ہوئی آندھی کو نہ بھولے گی کبھی وہ
سر شہؑ کا سرِ نوکِ سناں یاد رہے گا

وہ آگ کے شعلوں میں سُلگتا ہوا خِرمن
جلتا ہوا شعلوں میں سکینہؑ کا وہ دامن
بھرتا ہوا آنکھوں میں دھواں یاد رہے گا

Presented by Ziaraat.Com

اک یاد ہمیشہ اُسے رکھے گی گلو گیر
بھولے گی نہ سجادؑ کے پیروں کی وہ زنجیر
گردن میں پڑا طوقِ گراں یاد رہے گا

نکلے گی نہ یہ گردِ سفر اب کبھی سر سے
یاد آئے گا بازار وہ گزرے کی جدھر سے
بازو پہ وہ رسّی کا نشاں یاد رہے گا

جب دل پہ وہ بھولے سے کبھی ہاتھ رکھے گی
سینے میں عجب درد کی اک لہر اُٹھے گی
اکبرؑ کی قسم زخمِ سناں یاد رہے گا

جس وقت سکینہؑ کو اُتارا تھا لحد میں
ہر چند کہ تاریک اندھیرا تھا لحد میں
دیکھا جو طمانچوں کا نشاں یاد رہے گا

Presented by Ziaraat.Com

بکھرا کے نویدؔ آہ کرے گی جو وہ یہ بال
بازار میں دیکھے گی جو سجادؑ کو بے حال
خود ہے وہ کہاں اُس کو کہاں یاد رہے گا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

فضہؑ سے کہا شہہؑ نے درِ خیمہ پہ آ کر زینبؑ کو بلادو
رخصت کے لئے آیا ہے زخمی ہے برادر زینبؑ کو بلادو

کہنا کہ درِ خیمہ پہ توحید کھڑی ہے، مشکل میں بڑی ہے
یہ وزن اٹھالے وہ زرا کاندھوں پہ آ کر زینبؑ کو بلادو

کہنا ہے مرے بعد قبیلے کی وہ سردار، ہاشمؑ کی یہ دستار
جس سر کے لئے ہے یہ میں رکھ دوں اسی سر پر زینبؑ کو بلادو

کہنا جو میں لایا ہوں وراثت اسے دیدوں، آیت اسے دیدوں
اب جانا ہے رکھنا ہے مجھے تیغ تلے سر زینبؑ کو بلادو

کہنا کہ اب عاشور کا سورج ہوا خونبار، اب شام ہے تیار
آنے کو ہے اب فوجِ عدو خیموں کے اندر زینبؑ کو بلادو

Presented by Ziaraat.Com

کہنا ہے مرے زخم کو درماں کی ضرورت ، ہے ماں کی ضرورت
وہ اُمّ ابیہہؑ تھیں یہ ہے امُ برادر زینبؑ کو بلادو

کہنا کہ مرے بعد کوئی ہوگا نہ سر پر ، پھر ہوگی نہ چادر
چادر کے تلے دیکھ لوں اک بار میں وہ سر زینبؑ کو بلادو

کس وقت نویدؔ آ کے ملی بھائی سے خواہر، رخصت ہوئے سرورؑ
یہ ایک صدا گونج کے بس رہ گئی در پر زینبؑ کو بلادو

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

دیکھا ہے فلک کو زینبؑ نے پھر سورج ڈھلتے دیکھا ہے
پھر آندھی اٹھتے دیکھی ہے پھر خنجر چلتے دیکھا ہے

ہر سانس میں اپنی زینبؑ نے تلوار سی چلتے دیکھی ہے
شبیرؑ کی شہہ رگ سے ہائے پھر جان نکلتے دیکھی ہے
پھر شام نے خیمے کے در سے سایہ سا نکلتے دیکھا ہے

سجادؑ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اک سر نیزے پر
دیکھا ہے کھلے سر زینبؑ کو دیکھی ہے چادر نیزے پر
دیکھا ہے لعینوں کو آتے خیموں کو جلتے دیکھا ہے

کیا روزِ ازل کیا روز ابد آنکھوں سے سب دیکھا میں نے
زنجیروں میں جکڑے لیکن توحید کو کب دیکھا میں نے
ہاں طوق گلے میں پہنے ہوئے سجادؑ کو چلتے دیکھا ہے

Presented by Ziaraat.Com

آدم سے لیکر خاتم تک کرتے ہیں سب ہی عزاداری
کیسا یہ زماں کیسا یہ مکاں شبیرؑ کا ہے ماتم جاری
تابوت وہی ہے بس میں نے شانوں کو بدلتے دیکھا ہے

تیرا دل تھا کیا اے مالک تیرے سرورؑ کے سینے میں
جس نے اکبرؑ کے سینے سے جس نے اکبرؑ کے سینے میں
نیزے کو گڑتے دیکھا ہے نیزے کو نکلتے دیکھا ہے

جس وقت گلے پر سرورؑ کے تلوار چلی ہے مقتل میں
عُزح ومنات ولات وھبل کی چیخ اُبھری ہے مقتل میں
عزح کو میں نے مقتل میں ہاتھوں کو ملتے دیکھا ہے

وہ میرے ہیں میں ہوں ان کا کرتا ہوں ذکر نویدؔ اُنکا
یہ شعر میرے میرا مصرعہ ہے اُنکا کرم ہے اُنکی عطا
بس اُنکی عطا کو ہی میں نے لفظوں میں ڈھلتے دیکھا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

قافلہ لے کے وہ سالار کدھر جائیگی
کیا کہوں ہو کے گرفتار کدھر جائیگی

پا کے بازاروں میں درباروں میں زندانوں میں
لے کے وہ خوں بھری دستار کدھر جائے گی

کوئی دیوار نہ سایہ نہ پڑاؤ نہ پناہ
ہوگی دِرّوں کی جو بوچھار کدھر جائیگی

انبیاؑ کی ہو وارثت کہ وہ وزنِ توحید
لے کے شانے پہ وہ یہ بار کدھر جائیگی

جب کوئی رونے نہ دے گا اُسے آنکھوں سے لہو
لے کے وہ دیدۂ خونبار کدھر جائیگی

Presented by Ziaraat.Com

گر نہ آئیگی وہ روضے پہ نبیؐ کے اے دل
کیا ہوا کرنے کو اظہار کدھر جائیگی

شام میں گر نہ بنائے گی وہ مسکن اپنا
لے کے وہ شام کا آزار کدھر جائیگی

گر نہیں لے گی نویدؔ اپنی ردا میں زینبؑ
کربلا ہونے کو تیار کدھر جائیگی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

یا حسینؑ اللہ اکبرؑ یا حسینؑ اللہ اکبرؑ
آ گئی زینبؑ وطن لُٹ گیا زینبؑ کا گھر

ہے دھلا جس خون میں جس میں چھپا ہے لاالہٰ
ہے وہ خوں شبیرؑ کا اور ہے وہ زینبؑ کی ردا
دیکھ دل شبیرؑ کا اور دیکھ زینبؑ کا جگر

کیا کہوں کس سے ملا ہے لا الہٰ کو یہ دوام
ہے بنائے لاالہٰ کیا اک سفر اور اک قیام
کربلا شہہؑ کا قیام اور شام زینبؑ کا سفر

اک لہو ہے اک ردا ہے ایک لا ہے اک الہٰ
ایک لَو ہے اک دیا ہے اک گلو ہے اک صدا
اک بہن ہے ایک بھائی اک موئثر اک اثر

Presented by Ziaraat.Com

روکتی ہے اشک آنکھوں میں مگر رکتے نہیں
وہ اٹھاتی ہے قدم لیکن قدم اُٹھتے نہیں
کیا وہ صغراؑ کیلئے لے جائے گی گردِ سفر

ساتھ اپنے گو وہ اصغرؑ کو نہ لیکر آسکی
ساتھ اپنے گو وہ اکبرؑ کو نہ لیکر آسکی
آ گئی ہے لیکے خود ہی گھر کے لُٹنے کی خبر

جن کو رو پائی نہ زینب ہائے بعدِ کربلا
ان کو روئے مصطفٰی اور ان کو روتی سیدہؑ
کہہ کہ رویا ہے خدا خود ہائے زینبؑ کے پسر

کیا کہوں عاشور کی شب جس جگہ تھی محوِ خواب
جاں نثارانِ حسینؑ ابن علیؑ کا اضطراب
کس طرح سے رات گزری کس طرح پھوٹی سحر

Presented by Ziaraat.Com

صبح کا سورج نکلنے حُر کے آنے تک نویدؔ
نیزۂ خولی پہ اک سر جگمگانے تک نویدؔ
اور کتنا کربلا کو میں کروں گا مختصر

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

سجادؑ آرہے ہیں سجاد آرہے ہیں
اہلِ حرم لہو کے آنسو بہا رہے ہیں
سجادؑ آرہے ہیں سجاد آرہے ہیں

کس طرح پتھروں سے زخمی کیا نبیؐ کو
گلیوں میں کس طرح سے کھینچا گیا علیؑ کو
خلقت کو سارے منظر پھر یاد آرہے ہیں
سجاد آرہے ہیں سجادؑ آرہے ہیں

ہر اک نبی کے لب پر تکبیر کہہ رہی ہے
راہوں میں بین کرتی زنجیر کہہ رہی ہے
آتے ہوئے سروں پر پتھر بتا رہے ہیں
سجادؑ آرہے ہیں سجادؑ آرہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

والشمس والضحیٰ کی تمہید پیچھے پیچھے
سر پر ہے خاک ڈالے توحید پیچھے پیچھے
شہبازؑ آگے آگے نوحہ سنا رہے ہیں
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں

شب دن میں ڈھل رہی ہے دن شب میں ڈھل رہا ہے
یہ قافلہ مسلسل صدیوں سے چل رہا ہے
کانٹے بچھانے والے کانٹے بچھا رہے ہیں
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں

بیڑی میں قید ہو کر آزاد چل رہے ہیں
سجادؑ کب رکے ہیں سجادؑ چل رہے ہیں
دُرّے لگانے والے دُرّے لگا رہے ہیں
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

اپنی صدا میں قدسی اعلان کر رہے ہیں
آمد کا روزِ محشر سامان کر رہے ہیں
خود مصطفیٰؐ و حیدرؑ رستا بنا رہے ہیں
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں

یہ جو نویدِ اذاں کی آواز آ رہی ہے
لَے تیز ہو کے ماتم کی یہ بتا رہی ہے
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں
سجادؑ آ رہے ہیں سجادؑ آ رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

خیمے میں جو آئے شہِ دیں ہونے کو رخصت
زینبؑ سے نہ دیکھی گئی بھائی کی یہ غربت
کہنے لگے شہؑ ہے یہ بہن وقتِ قیامت
اب وقت بہت کم ہے سنو میری وصیت
کی تم نے ہمیشہ مری ماں بن کے حفاظت
اب سونپتا ہوں تم کو میں عابدؑ کی امانت
یہ ہے تو یہ سمجھو کہ ہیں توحید و رسالت
یہ فخرِ ولایت ہے یہ ہے فخرِ امامت
ہے جلوہ گر اِس ذات میں ہی جلوۂ عصمت
پوشیدہ اسی ذات میں ہیں کثرت و وحدت
سب تیرے حوالے ہے سب تجھ کو بچانا ہے
رب تیرے حوالے ہے رب تجھ کو بچانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

Presented by Ziaraat.Com

عابد کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے
گھر تجھ کو لٹانا ہے سر مجھ کو کٹانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

مرے بعد کوئی گردش محور پہ نہیں ہوگی
افلاک دھواں ہوں گے شعلہ یہ زمیں ہوگی
گر فرش بچانا ہے گر عرش بچانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

مشکل ہے سفر اس کا آساں ہے مری منزل
خود اس کی مسافت پر حیراں ہے مری منزل
اِسے خاک اڑانا ہے مجھے خوں میں نہانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

Presented by Ziaraat.Com

کس ہاتھ سے یہ خنجر کس ہاتھ میں آیا ہے
کس کس نے پسِ خنجر مرا خون بہایا ہے
اِس رازِ شہادت سے اِسے پردہ اٹھانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

یہ میرا جگر گوشہ ہر راز کا مالک ہے
اِس حلق بریدہ کی آواز کا مالک ہے
پر شور اذانوں میں اسے خطبہ سنانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

ہابیل سے تا برّح جو خوں میں ہیں غلطیدہ
ہر خون جو ناحق ہے مرے خوں میں ہے پوشیدہ
ہر خوں کی گواہی کو اِسے حشر میں آنا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

Presented by Ziaraat.Com

میں سب کی وراثت ہوں یہ میری وراثت ہے
یہ میری فصاحت ہے یہ میری بلاغت ہے
اِسے میری خموشی کو آواز بنانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

اٹھتے ہوئے شعلے ہیں پھر شامِ غریباں ہے
پھر شام کی راہیں ہیں پھر شام کا زنداں ہے
بازار بھی آنا ہے دربار بھی آنا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑ کو بچانا ہے

اُس چاند کی بادل سے آواز نویدؔ آئی
زینبؑ کو یہ مقتل سے آواز نویدؔ آئی
نمرود کے شعلوں کو گلزار بنانا ہے
عابدؑ کو بچانا ہے عابدؑکو بچانا ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بازار ہے پتھر ہیں زینبؑ کا کھُلا سر ہے
ہر زخم پہ شکرانہ زینبؑ کے لبوں پر ہے

اک گریۂ خونیں کی جاتی ہی نہیں لالی
سجاد کی آنکھوں کو دیکھا ہی نہیں خالی
یا خون ہے آنکھوں میں یا شام کا منظر ہے

لٹکا درِ کوفہ پر دیکھا ہے کوئی لاشہ
کیوں چوب سے محمل کی زینبؑ نے ہے سر مارا
اے وقت لہو سے کیوں زینب کی جبیں تر ہے

یہ شورِ بکا کیا ہے ماتم کی صدا کیا ہے
توحید بچائے جو وہ کرب و بلا کیا ہے
یا ہے سرِ سرورؑ یا زینبؑ تیری چادر ہے

Presented by Ziaraat.Com

لے شامِ غریباں سے پرہول بیاباں تک
بازار سے کوفہ تک دربار سے زنداں تک
بے رحم طمانچے ہیں اور شاہ کی دختر ہے

ٹکراتی ہے سر اپنا جائے تو کہاں جائے
معصوم سکینہ کو غش آئے کہ موت آئے
اسکے لیے زنداں میں بس خاک کا بستر ہے

وہ قلب تھے کیسے جو جاں لے گئے سرور کی
پتھر تو وہ ہے جس نے پتھر کی حیا رکھی
اے سنگِ حلب تجھ کو کیسے کہو پتھر ہے

جو بڑھ کے ہر اک ذرّہ خود پشت پہ کھاتی ہے
خود خوں میں نہاتی ہے زینبؑ کو بچاتی ہے
آگے ہیں وہی فضہ قنبر سے جو بڑھ کر ہے

Presented by Ziaraat.Com

کیوں ہائے حسینا کا اک شور سا اُٹھا ہے
سر غازی کا نیزے سے کیوں خاک پہ گرتا ہے
غازی کی بہن شاید بلوے میں کُھلے سر ہے

مقتل نے خدا جانے کیا چھین لیا اُسکا
اک ہاتھ کلیجے پر رہتا ہے دھرا جسکا
لگتا ہے مجھے شاید یہ مادرِ اصغر ہے

اک کرب و بلا اوّل اک کرب و بلا آخر
کہتے ہیں نویدؔ اُسکو شبیرؑ ہے جو ظاہر
اور جو پسِ پردہ ہے وہ زینبِ مضطر ہے

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بیبیاں راہ میں دڑوں کے ستم سہتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا
جانے سالار سے کیا کہتی رہی سنتی رہی اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

پردہ ہاتھوں کا بناتیں تو بناتیں کیسے
تھی رسن ہاتھوں میں منہ اپنا چھپاتیں کیسے
موند کر آنکھیں ستم گاروں سے وہ چھپتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

بیبیوں کے لئے آزار تھا آزار کے بعد
آئیں جب شام کے دربار میں بازار کے بعد
بھرے دربار میں وہ دھنستی رہیں گڑتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

کربلا یاد دلاتی تھی صدا گریے کی
گھر کے ہر گوشے سے آتی تھی صدا گریے کی
دیکھ کر سیدِ سجادؑ کو وہ روتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

Presented by Ziaraat.Com

مار کر درے اُٹھائے ہوئے سالار کے ساتھ
کھا کے غش خاک پہ گرتے ہوئے سالار کے ساتھ
خاک سے اُٹھتی رہیں خاک پہ وہ گرتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

کوئی مشکل نہ تھی سجادؑ کی آسان نویدؔ
ہو وہ دربار کے ہو شام کا زندان نویدؔ
کبھی بیڑی تو کبھی طوق کو وہ روتی رہیں اور سجادؑ کی آنکھوں سے لہو بہتا رہا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

دھول اڑتی ہوئی دے رہی ہے صدا ، آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ
بے عمامہ کوئی ہے کوئی بے ردا، آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

یہ جو بجھتے چلے جارہے ہیں دیئے ، بجھ کے صغرا کو بتلا رہے ہیں دیئے
اٹھ بھی اب خاک سے لے خبر در پہ جا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

بین کے شور سے بھر گیا ہے جو گھر یہ جو بجنے لگے ہیں ہواؤں سے در
کہہ رہا ہے یہ صغرا سے بجھتا دیا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

ڈھونڈ نے اب وہ جائے گی خود کو کدھر لے گیا تھا جو صغرا سے اُس کو خبر
کھو کے اُس کی خبر کھو کے اُس کا پتا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

ہوگئی کربلا بچ گیا لاالہٰ کٹ گیا وہ گلا لٹ گئی وہ ردا
کرکے بہرِ خدا لا کی قیمت ادا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

Presented by Ziaraat.Com

کٹ گیا تیغ سے منّیت کا گلا یوں ہوا ہائے اجرِ رسالت ادا
لے کُرتا رسالت کا خوں میں بھرا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

حال صغرا کا حالت سے بے حال تھا وہ دیئے جارہی تھی صدا پر صدا
کچھ سنا اے صبا کچھ سنا اے ہوا آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

گونجتی ہے نویدؔ عرش پہ یہ صدا سیّدہؑ سیّدہ ، مرتضیٰؑ مرتضیٰؑ
مجتبیٰؑ ، مجتبیٰؑ ، مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ آ گیا قافلہ آ گیا قافلہ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بھائی کی لاش سے اُٹھ کر وہ کدھر جائے گی
ہائے بس خاک اُڑائے گی جدھر جائے گی

بھائی کی لاش پہ ہی دم نہ نکل جائے گا
ہائے گھر جا کے بھی کس طرح وہ گھر جائے گی

جس گھڑی آئے گا شبیرؑ کا سر نیزے پر
وہ گھڑی آنکھ میں زینبؑ کے ٹھہر جائے گی

جائے گی لیکے وہ بازو پہ نشاں رسی کے
ہائے وہ سر میں لئے خاکِ سفر جائے گی

ہائے یہ دوری و تنہائی صغراؑ ہائے
کوئی آئے گی خبر اور نہ خبر جائے گی

Presented by Ziaraat.Com

جس نے صغراؑ کے لئے خود کو سمیٹا اب تک
ہائے صغراؑ کو جو دیکھے گی بکھر جائے گیا

دے کے بھائی کا تر و تازہ و پاکیزہ لہو
اے احد تیرا پیالہ تو وہ بھر جائے گی

دل یہ زینبؑ کے لگے زخم کا کیا ہوگا نویدؔ
شام کا کیا ہے یہ آئے گی گزر جائے گی

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

بچا کے تیروں سے تجھ کو نہ لا سکی زینبؑ
کہاں یہ غم کہ نہ تربت بنا سکتی زینبؑ

جو تیر کھا کے تجھے دیکھا زین سے گرتے
نہ فرشِ خاک سے خود کو اٹھا سکی زینبؑ

میں دیکھتی رہی گردن پہ چل گیا خنجر
نہ تم بُلا سکے بھائی نہ آسکی زینبؑ

الگ یہ غم کہ مرا سر کٹا نہ تیری جگہ
کہ تیر تیری جگہ پر نہ کھا سکی زینبؑ

حسینؑ کس لئے آئے تھے سر کٹانے کو
کوئی بتا نہ سکا جو بتا سکی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ردا لُٹا کے بھی حسرت یہ رہ گئی دل میں
نہ اپنے بھائی پہ کچھ بھی لُٹا سکی زینبؑ

بندھے تھے ہاتھ رسن میں سوائے غریب حسینؑ
نہ تیری لاش سے پتھر ہٹا سکی زینبؑ

تری سبیل کو جاری کرے گی تیری قسم
اگرچہ تجھ کو نہ پانی پلا سکی زینبؑ

نویدؔ ساری خدائی ہے اُس کی شکر گزار
زمیں کو فرشِ عزا جو بنا سکی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کتنے دیے بجھے ہیں تب یہ دیا جلا ہے اے شام کی مسافر
تیری ردا لُٹی ہے تو لاالہٰ بچا ہے اے شام کی مسافر

جانا پھر اس نے وہ سب جو وہ نہ جانتا تھا
سمجھا وہ رب کا مطلب جو وہ نہ جانتا تھا
دہلیز پر جو تیری آدم نے سر رکھا ہے اے شام کی مسافر

شبیرؑ کا لہو کیا یعنی خدا کا صدقہ
توحید کیا ہے زینبؑ تیری ردا کا صدقہ
توحید بچ گئی ہے سر تیرا بے ردا ہے اے شام کی مسافر

معصومہ قم کا دکھ بھی پیشِ نظر ہے لیکن
صغراؑ کی بھی ضعیفی پیشِ نظر ہے لیکن
آنکھوں کے آگے تیری شہہ کا گلا کٹا ہے اے شام کی مسافر

Presented by Ziaraat.Com

میدانِ حشر میں جب یہ قافلہ رکے گا
زینب تیری ردا کا ماتم خدا کرے گا
کرب و بلا سے تیرا جو قافلہ چلا ہے اے شام کی مسافر

بس ماتمی ہے تیرا ورنہ نویدؔ کیا ہے
کھاتا ہے تیرا صدقہ ورنہ نویدؔ کیا ہے
جو کچھ اسے ملا ہے سب تیری ہی عطا ہے اے شام کے مسافر

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

ہے ہر طرف یہ صدا پھر اجڑ گئی زینبؑ
بجھا لحد کا دیا پھر اجڑ گئی زینبؑ

ابھی تو پچھلے اجڑنے کا غم لگا ہوا تھا
اٹھا نہ تھا ابھی فرشِ عزا بچھا ہوا تھا
یہ کیا کہ بہرِ خدا پھر اجڑ گئی زینبؑ

سپاہِ شام نے پھر اس کے گھر کو گھیر لیا
لگا کے آگ لعینوں نے در کو گھیر لیا
دھواں پھر اٹھنے لگا پھر اجڑ گئی زینبؑ

گلا حسینؑ کا واللہ کٹ گیا پھر سے
کہ آ گئی سرِ نوکِ سناں ردا پھر سے
اجڑ گئی بہ خدا پھر اجڑ گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ہزار حیف یہ کیا کر دیا لعینوں نے
پھر اُس کا زخم ہرا کردیا لعینوں نے
پھر اُس کو لوٹ لیا پھر اجڑ گئی زینبؑ

ٹھہر گئیں تھیں جو صدیاں لہو اُگلنے لگیں
پھر ایک بار سیہ آندھیاں سی چلنے لگیں
پھر ایک حشر اٹھا پھر اجڑگئی زینبؑ

نویدؔ رِسنے لگا زخمِ کربلا پھر سے
ہوئی ہے زینبِ مضطر جو بے ردا پھر سے
یہ شور پھر سے اٹھا پھر اجڑ گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

کُل میری عبادت ہے سجدہ درِ زینبؑ کا
یعنی ہے یہ سجدہ بھی صدقہ درِ زینبؑ کا

حسرت لئے سجدے کی میں یونہی پھرا کرتا
ملتا نہ اگر مجھ کو کعبہ درِ زینبؑ کا

کم عقل زمانے نے فضہ کو نہیں سمجھا
کیا عقل میں آئے گا رتبہ درِ زینبؑ کا

صدقہ علی اکبرؑ کا جاری ہے یہ کہتا ہے
ہر صبح اذاں ہوتے کھلتا درِ زینبؑ کا

پڑتی ہی نہیں مجھ پر یہ دُھوپ زمانے کی
پڑتا ہے جو یہ مجھ پر سایہ درِ زینبؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

پرچم مرے غازی کا پہچان ہے اس درِ کی
پرچم کا پھریرا ہے پردہ در زینبؑ کا

جاروَب کشی کرکے پلکوں سے ذرا دیکھو
سورج نظر آتا ہے ذرہ درِ زینبؑ کا

ہوں ماتمی میرا تو قبلہ ہے درِ زینبؑ
شبیرؑ کا روضہ ہے قبلہ درِ زینبؑ کا

جیسے کہ مسافر کو سایہ کہیں مل جائے
ایسے ہی لگا مجھ کو ملنا درِ زینبؑ کا

ہاں اب بھی دہن میں ہے وہ ذائقہ مٹی کا
ہاں اب بھی جبیں میں ہے سجدہ درِ زینبؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

رکھ آیا نویدؔ آنکھیں دہلیز پہ زینبؑ کی
دینا تھا اُسے کچھ تو صدقہ درِ زینبؑ کا

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

مقتل سے جو نکلی تو دِیا بن گئی زینبؑ
زینبؑ نہ رہی کرب و بلا بن گئی زینبؑ

گو عصر تلک تھی وہ لہو کی طرح خاموش
گونجی تو بہتّر کی صدا بن گئی زینبؑ

جس دن سے مرا کرب و بلا بن گیا کعبہ
قبلے کی قسم قبلہ نما بن گئی زینبؑ

ہر لمحہ کہے جس کو حُسینؑ اپنا ارادہ
میرے لئے وہ رازِ خدا بن گئی زینبؑ

توحید کھلے سَر تھی رِدا اپنی لُٹا کر
اسلام ترے سر کی رِدا بن گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

ڈھانے کے لئے سطوتِ دربارِ اُمیہ
عباسؑ کے پرچم کی ہَوا بن گئی زینبؑ

جس نے کہیں ماتم کے لئے ہاتھ اٹھائے
اُس کے لئے خود دستِ دُعا بن گئی زینبؑ

جس دن سے نویدؔ اُس نے بچھائی صفِ ماتم
اُس دن سے شَفاعت کی بِنا بَن گئی زینبؑ

Presented by Ziaraat.Com

# نوحہ

نہ ہوتی کربلا زندہ اگر زینب نہیں ہوتیں
خدا کیسے خدا ہوتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

سہارا کون دیتا کون باہیں تھامتا یا رب
تیرا دیں ٹھوکریں کھاتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

نکل کر بے اماں مقتل سے یا رب عصر کا سجدہ
جھکانے سر کدھر جاتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

نہیں لٹتی ردا اس کی تو ہوتا کون بے پردہ
خدایا تو کہاں چُھپتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

بجھایا تھا شبِ عاشور جو سرورؑ نے خیمے میں
دیا بجھ کر نہیں جلتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

Presented by Ziaraat.Com

ارادے کون پیہم زندہ رکھتا شاہِ والا کے
یہ قیمت کون ادا کرتا اگر زینب نہیں ہوتیں

نویدؔ اپنا خدا کرتی تو کس کو بندگی اپنی
کہ میں سجدہ کسے کرتا اگر زینبؑ نہیں ہوتیں

Presented by Ziaraat.Com